کچھ نیا لکھیں

۱۰۔ اگر آپ کو سیر کے لیے کہیں جانے کا موقع ملے تو آپ کہاں جانا پسند کریں گے اور کیوں؟ دو سے تین جملوں میں لکھ کر بتائیں؟

مجھے اگر سیر کے لیے جانے کا موقع ملے تو میں مری جانا پسند کروں گی۔

وہاں کا موسم بہت اچھا ہوتا ہے۔

مجھے بلند و بالا پہاڑ بہت پسند ہیں۔

۱۱۔ دی ہوئی تصویر غور سے دیکھیں اور آخر میں سوالوں کے جواب لکھیں۔



تصویر میں کس جگہ کا منظر دکھایا گیا ہے؟	تصویر میں کھیل کے میدان کا منظر ہے۔
تصویر میں کون کون سے جانور نظر آ رہے ہیں؟	تصویر میں بلی اور گلہری نظر آ رہی ہیں۔
بچے کون سا کھیل کھیل رہے ہیں؟	بچے چھپن چھپائی کھیل رہے ہیں۔

ہمارے کرنے کے کام

"ہمارے کرنے کے کام کے تحت "دی گئی سرگرمی مکمل کرنے میں بچوں کی مدد اور رہنمائی کریں۔

سبق : ۱۵

سبزیاں اور پھل

اہم الفاظ :


۱۔ ان الفاظ کے معانی سمجھیں اور جملوں میں استعمال کریں۔(زبانی)

طلبہ اپنے فہم کے مطابق الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔


الفاظ	معانی	جملے
تن درست	صحت مند	روزانہ دودھ پینے سے ہم تن درست رہتے ہیں۔
مُفید	فائدہ مند	پھل اور سبزیاں صحت کے لیے مفید ہیں۔
ہمیشہ	ہر وقت	ہمیں ہمیشہ سچ بولنا چاہیے۔
لطف	مزہ	امی کے ہاتھ کی بریانی کھا کر لطف آگیا۔

میرے کرنے کے کام:

۲۔ سبق کے مطابق درست جواب والے ڈبے میں رنگ بھریں۔



۳۔ درست لفظ لکھ کر خالی جگہ پُر کریں۔



۴۔ دیے ہوئے سوالوں کے جواب دیں۔

(الف) سبق "پھل اور سبزیاں" میں کون کون سی سبزیوں کے نام آئے ہیں؟

جواب: سبق "پھل اور سبزیاں" میں آلو، مٹر، مولی اور گاجر کا ذکر کیا گیا ہے۔

(ب) پھل اور سبزیاں کھانا کیوں ضروری ہیں؟

جواب: پھل اور سبزیاں صحت کے لیے مفید ہوتی ہیں۔

(ج) اپنی پسندیدہ سبزی یا پھل کے بارے میں دو جملے لکھیں۔

جواب: مجھے آم بہت پسند ہے۔ یہ پیلے رنگ کا ہوتا ہے۔ اس کا ذائقہ میٹھا ہے۔ یہ گرمیوں میں ہوتے ہیں۔

بات سے نکلے بات

۵۔ دی ہوئی تصویریں غور سے دیکھیں۔ ان کے بارے میں بات چیت کریں۔



اس تصویر میں بچہ صابن سے ہاتھ دھو رہا ہے۔ اس کی امی ہاتھ دھونے میں اس کی مدد کر رہی ہیں۔ ہمیں ہمیشہ صابن سے ہاتھ دھونے چاہییں۔ پانی کا استعمال احتیاط سے کرنا چاہیے۔



اس تصویر میں بچہ اسکول جانے سے پہلے ناشتہ کر رہا ہے۔ اس نے اسکول کا یونیفارم پہنا ہوا ہے۔ وہ انڈا کھا رہا ہے اور اس کے پاس دودھ کا گلاس رکھا ہے۔ صبح کے وقت ناشتہ ضرور کرنا چاہیے اور کھانا ہمیشہ دائیں ہاتھ سے کھانا چاہیے۔

۶۔ دی ہوئی تصویروں سے متعلق آپس میں بات چیت کریں اور بتائیں کہ ہمیں ان جگہوں پر کن کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیے۔



یہ مسجد کی تصویر ہے۔ یہاں ہم نماز پڑھتے ہیں۔ مسجد اللہ تعالیٰ کا گھر ہے۔ یہاں پاک صاف اور باوضو ہو کر جانا چاہیے۔ ہمیں یہاں شور نہیں کرنا چاہیے اور قطار میں جہاں جگہ ملے وہاں نماز پڑھ لینی چاہیے۔ نظم و ضبط کا خیال رکھنا چاہیے۔



یہ اسکول کی تصویر ہے۔ اسکول میں ہم پڑھنے جاتے ہیں۔ ہمیں وقت پر اسکول جانا چاہیے۔ اسکول میں نظم وضبط کا خیال رکھنا چاہیے۔ پودوں، دیواروں اور فرنیچر کو خراب نہیں کرنا چاہیے۔ پھول نہیں توڑنے چاہییں۔ کمرہ جماعت اور اسکول کی صفائی کا خیال رکھنا چاہیے۔ خالی ڈبے اور لفافے وغیرہ کوڑے دان میں ڈالنے چاہییں۔



یہ گھر کی تصویر ہے۔ جہاں ہم اپنے امی ابو کے ساتھ رہتے ہیں۔ ہمیں گھر میں ایک دوسرے کے ساتھ مل جل کر رہنا چاہیے۔ صفائی کا خیال رکھنا چاہیے۔ گھر کے کاموں میں اپنے امی ابو کی مدد کرنی چاہیے۔



یہ پارک کی تصویر ہے۔ ہمیں پارک میں کوڑا کرکٹ نہیں پھیلانا چاہیے۔ ہمیں چاہیے کہ ہم باڑ اور کیاریاں نہ پھلانگیں۔ پودوں کے پتے اور پھول نہ توڑیں۔ پالتو جانوروں کو اپنے ساتھ پارک میں نہ لے کر جائیں۔ ٹکٹ خریدتے وقت اور جھولے جھولتے وقت ہمیشہ اپنی باری کا انتظار کریں۔

قواعد سیکھیں

۷۔ دیے ہوئے جملوں کے آخر میں "گا، گی، گے" لکھ کر جملے مکمل کریں۔

حامد اور ثنا کھانا کھائیں ___ ۔


رضوان سائیکل چلائے ___ ۔

شازیہ شربت پیے ___ ۔

ابو جان بازار سے پھل لائیں ___ ۔

لفظوں کا کھیل

۸۔ دی ہوئی چیزوں کے نام معمے میں تلاش کر کے ان کے گرد دائرہ لگائیں۔





پڑھنا سیکھیں

۹۔ دیے ہوئے الفاظ ایک منٹ میں روانی سے پڑھیں۔

فالسہ	آلو	ساگ	لیچی	خربوزہ	بھنڈی	
گاجر	جامن	آلوچہ	توری	امرود	لوکی	
آم	لہسن	مرچ	انار	گوبھی	آڑو	
دھنیا	ٹماٹر	کیلا	تربوز	ادرک	سیب	
ناریل	مولی	انگور	مٹر	کھجور	خوبانی	

کچھ نیا لکھیں

۱۰۔ چار جملوں میں لکھ کر بتائیں کہ تن درست رہنے کے لیے کیا کرنا چاہیے؟

ہمیں تن درست رہنے کے لیے صبح جلدی اٹھنے کی عادت ڈالنی چاہیے۔

روزانہ صبح کی سیر کرنی چاہیے۔

انڈے، پھل اور سبزیاں کھانی چاہییں۔

صفائی کا خیال رکھنا چاہیے۔ کھانا کھانے سے پہلے اور بعد میں صابن سے ہاتھ دھونے چاہییں۔

ہمارے کرنے کے کام

۱۱۔ پھلوں اور سبزیوں کی تصویروں سے متعلق ایک کتابچہ تیار کریں اور جماعت کے ساتھیوں کو دکھائیں۔

"ہمارے کرنے کے کام کے تحت" دی گئی سرگرمی مکمل کرنے میں بچوں کی مدد اور رہنمائی کریں۔

جائزہ۔ ۴

سننا / بولنا

ا۔دی ہوئی کہانی غور سے سنیں اور آخر میں سوالوں کے زبانی جواب دیں۔

احمد اسکول سے گھر واپس آرہا تھا۔ اُس نے دیکھا کہ ایک بُوڑھی عورت سڑک پر گری ہوئی ہے۔ اُس کا سارا سامان بھی نیچے بکھرا ہوا ہے۔ وہ دَوڑ کر گیا۔ اُس نے بُوڑھی عورت کی اُٹھنے میں مدد کی۔ سارا سامان سمیٹ کر تھیلے میں ڈال کر بُوڑھی عورت کو پکڑایا۔ بُوڑھی عورت بہت خُوش ہوئی۔ اُس نے احمد کو بہت سی دُعائیں دیں۔

سوالات

احمد کہاں سے گھر واپس آرہا تھا؟

احمد اسکول سے گھر واپس آرہا تھا۔

احمد نے سڑک پر کیا دیکھا؟

احمد نے دیکھا کہ ایک بوڑھی عورت پر گری ہوئی ہے۔ اس کا سامان ادھر ادھر بکھرا ہوا ہے۔

احمد نے بوڑھی عورت کی مدد کیسے کی؟

احمد دوڑ کر گیا اور بُوڑھی عورت کی اُٹھنے میں مدد کی۔ سارا سامان سمیٹ کر تھیلے میں ڈال کر بوڑھی عورت کے ہاتھ میں دیا۔

اس کہانی سے آپ نے کیا سبق سیکھا؟

اس کہانی سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ ہمیں ہمیشہ دوسروں کی مدد کرنی چاہیے۔

۲۔ آپ گھر اور اسکول میں کن کن باتوں میں نظم وضبط کا خیال رکھتے ہیں؟ چند جملوں میں بتائیں۔

ہم اسکول اور گھر میں ہر کام وقت پر کرتے ہیں۔ صبح وقت پر اٹھتے ہیں۔ چیزوں کو ان کی جگہ پر رکھتے ہیں۔ ہم اسکول کے اصول وضوابط کا خیال رکھتے ہیں۔ کوڑا کوڑے دان میں ڈالتے ہیں۔ قطار میں کھڑے ہو کر اپنی باری کا انتظار کرتے ہیں۔ کمرہ جماعت میں شور نہیں کرتے۔

پڑھنا

۳۔ دیے ہوئے الفاظ درست تلفظ اور روانی سے پڑھیں۔

بادل	ٹھنڈ	محبت	خوش	آسمان
دوست	آباد	زمین	درخت	طریقہ
سورج	کھڑکی	راستہ	جلدی	فرض
ساتھی	کھلونا	شام	دودھ	محنت
جھیل	ذائقہ	ضرور	شاید	کتاب

قواعد

۴۔ دیے ہوئے جملے پڑھیں اور ان کے آخر میں "گا، گی، گے" لکھ کر جملے مکمل کریں۔

- سارہ سبق یاد کرے ____ گی۔
- ہم چڑیا گھر کی سیر کے لیے جائیں ____ گے۔
- احمد سائیکل چلائے ____ گا۔

۵۔ دی ہوئی تصویریں غور سے دیکھ کر "ہے"، "ہوں" اور "ہیں" کا استعمال کرتے ہوئے ان سے متعلق ایک ایک جملہ لکھیں۔



لڑکی دُعا مانگ رہی ہے۔



لڑکے فٹ بال کھیل رہے ہیں۔



میں روزانہ اسکول جاتا ہوں۔

لکھنا

۶۔ دیے ہوئے ہندسوں کو لفظی گنتی میں لکھیں۔

۲	دو	۵	پانچ	۷	سات	۹	نو	۳	تین	۱۰	دس

۷۔ دی ہوئی تصویر غور سے دیکھیں اور چند جملوں میں لکھ کر بتائیں کہ ایک پرندہ خوش اور دوسرا کیوں اداس ہے اور آپ اُسے خوش کرنے کے لیے کیا کر سکتے ہیں۔



جواب:

تصویر میں ایک پرندہ پنجرے میں اور دوسرا درخت کی شاخ پر بیٹھا ہوا ہے۔ ایک پرندہ خوش ہے کیوں کہ وہ آزاد ہے۔ اور دوسرا پرندہ اس لیے اُداس ہے کہ وہ قید میں ہے۔ ہم اسے آزاد کر کے خوش کر سکتے ہیں۔

۸۔ بات چیت کرتے ہوئے کن کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیے؟ دو سے تین جملوں میں لکھ کر بتائیں۔

جواب:

- ہمیں بات ہمیشہ ٹھہر ٹھہر کر اور آرام سے کرنی چاہیے۔
- ہمیں بات چیت نرمی سے کرنی چاہیے۔
- دوسروں کی بات کاٹ کر اپنی بات شروع نہیں کرنی چاہیے۔
- اپنی باری کا انتظار کرنا چاہیے۔

سبق ۱۶:

رکھیں خیال سب کا (نظم)

اہم الفاظ:

۱۔ دیے ہوئے الفاظ کے معانی سمجھیں اور جملوں میں استعمال کریں۔ (زبانی)

نوٹ: طلبہ اپنے فہم کے مطابق جملے بنائیں اور اساتذہ ان کی مدد اور رہنمائی کریں۔

الفاظ	معانی	جملے
خیال	دھیان، توجہ	ہمیں ایک دوسرے کا خیال رکھنا چاہیے۔
مختلف	الگ	دکان پر مختلف قسم کے کھلونے تھے۔
رونق	چہل پہل	عید کے موقع پر بازاروں میں ہر طرف رونق نظر آتی ہے۔
خوب	اچھی طرح	رمضان کے مہینے میں ہمیں خوب دل لگا کر عبادت کرنی چاہیے۔ ہمیں خوب دل لگا کر علم حاصل کرنا چاہیے۔

میرے کرنے کے کام

۲ سبق کے مطابق درست جواب کے سامنے (☺) اور غلط جواب کے سامنے (☹) شکل بنائیں۔

رضا اور فاطمہ اپنے امی ابو کے ساتھ چڑیا گھر گئے۔ ☹

فاطمہ نے کہانیوں کی کتابیں خریدیں۔ ☺

ہمیں ایک دوسرے کی پسند کا خیال رکھنا چاہیے۔ ☺

۳۔ سبق کے مطابق لکھ کر بتائیں کہ یہ جملے کس نے کہے تھے؟

"نہیں نہیں۔ ہم کھلونے لیں گے۔" ____ رضا

"جھگڑا کرنا اچھی بات نہیں۔" ____ ابو جان

"ہم کہانیوں کی کتابیں خریدیں گے۔" ____ فاطمہ

۴۔ دیے ہوئے سوالوں کے جواب دیں۔

(الف) ابو جان نے بچوں کو کیا سمجھایا؟

جواب: ابو جان نے بچوں کو سمجھایا کہ جھگڑا کرنا اچھی بات نہیں ہے۔ ہمیں ایک دوسرے کی پسند اور ناپسند کا خیال رکھنا چاہیے۔

(ب) دوسروں کی پسند ناپسند کا خیال رکھنا کیوں ضروری ہے؟

جواب: دوسروں کی پسند اور ناپسند کا خیال رکھنے سے آپس میں محبت اور پیار بڑھتا ہے اور لڑائی جھگڑا نہیں ہوتا۔

(ج) اگر آپ فاطمہ اور رضا کی جگہ ہوتے تو کیا کرتے؟

جواب: اگر ہم فاطمہ اور رضا کی جگہ ہوتے تو ہم بھی ایسا ہی کرتے۔ ایک دوسرے کی خوشی اور پسند کا خیال رکھتے اور آپس میں لڑائی جھگڑا نہ کرتے۔ کیوں کہ ایک دوسرے کی پسند کا خیال رکھنے سے آپس میں محبت بڑھتی ہے۔

بات سے نکلے بات

۵۔ دی ہوئی کہانی غور سے سنیں، اپنے الفاظ میں سنائیں اور آخر میں سوالوں کے زبانی جواب دیں۔

صبح سویرے تیز بارش ہوئی اور ساتھ زور دار ہوا چلی۔ درخت پر بنے کچھ فاختاؤں کے گھونسلے زمین پر آ گرے۔ ہر طرف شور مچ گیا۔ سب فاختائیں اکٹھی ہو گئیں اور نئے گھونسلے بنانے کا فیصلہ کیا۔ کچھ فاختائیں پھر سے اُڑیں اور اپنی چونچوں میں تنکے لانے لگیں۔ کچھ فاختائیں اُن تنکوں کی مدد سے گھونسلے بنانے میں مصروف ہو گئیں۔ کچھ فاختائیں دانہ دُنکا چگنے کے لیے چلی گئیں۔ وہ دانہ دُنکا چگنے کے بعد دوسری سب فاختاؤں کے لیے بھی دانہ لائیں۔ مل جُل کر کام کرنے کی وجہ سے شام تک گھونسلے بن چکے تھے۔ سب فاختائیں بہت خُوش تھیں۔

سوالات

۱۔ صبح سویرے کیا ہوا؟

جواب: صبح سویرے تیز بارش ہوئی اور ساتھ زور دار ہوا چلی۔

۲۔ ہر طرف شور کیوں مچ گیا؟

جواب: تیز ہوا چلنے سے کچھ فاختاؤں کے گھونسلے زمین پر آ گرے تھے، جس کی وجہ سے ہر طرف شور مچ گیا تھا۔

۳۔ فاختاؤں نے اکٹھے ہو کر کیا کرنے کا فیصلہ کیا؟

جواب: فاختاؤں نے اکٹھے ہو کر نئے گھر بنانے کا فیصلہ کیا۔

اس کہانی سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے۔

اس کہانی سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ ہمیں مل جل کر کام کرنا چاہیے۔ مل جل کر کام کرنے سے کام جلد اور آسانی سے ہو جاتا ہے۔

طلبہ اپنے فہم کے مطابق سوالات کے جوابات دیں اور اساتذہ مدد اور رہنمائی کریں۔

۶۔ دیے ہوئے جملے غور سے سنیں اور بتائیں کہ ان میں سے کون سی ایسے جملے ہیں جن میں کسی کام کرنے کا حکم دیا گیا ہے اور کن جملوں میں کسی کام سے منع کیا گیا ہے۔

والدین کا کہنا مانو۔	چیخ کر مت بولو۔	اُستاد کی بات غور سے سُنو۔
گھر سے باہر اکیلے مت جاؤ۔	کھانا چبا کر کھاؤ۔	شور مت کرو۔

والدین کا کہنا مانو	اس جملے میں والدین کا کہنا ماننے کا حکم دیا گیا ہے۔
چیخ کر مت بولو۔	اس جملے میں چیخ کر بولنے سے منع کیا گیا ہے۔
اُستاد کی بات غور سے سُنو۔	اس جملے میں استاد کی بات غور سے سننے کا حکم دیا گیا ہے۔
گھر سے باہر اکیلے مت جاؤ۔	اس جملے میں گھر سے اکیلے باہر نکلنے سے منع کیا گیا ہے۔
کھانا چبا کر کھاؤ۔	اس جملے میں کھانا چبا کر کھانے کا حکم دیا گیا ہے۔
شور مت کرو۔	اس جملے میں شور کرنے سے منع کیا گیا ہے۔

قواعد سیکھیں

۷۔ مندرجہ ذیل اقتباس پڑھیں اور جملے مکمل ہونے پر ختم (۔) کا نشان لگائیں۔


فاطمہ اپنی سہیلیوں کے ساتھ مل کر کھیلتی ہے۔ وہ اپنے کھلونے اور چیزیں سب کے ساتھ بانٹتی ہے۔ کبھی لڑائی جھگڑا نہیں کرتی۔ اُسے مل جُل کر رہنے سے خوشی ملتی ہے۔ فاطمہ اور اُس کی سہیلیاں مل جُل کر رہتی ہیں۔

۸۔ پانچ جملے لکھیں۔ اسم کے گرد (○)، فعل کے گرد (□) اور حرف کے گرد (Δ) کا نشان بنائیں۔

	جملے	اسم	فعل	حرف
۱۔	سارا نے کھایا۔	سارا	کھایا	نے
۲۔	سڑک پر بھاگو۔	سڑک	بھاگو	پر
۳۔	گڑیا سے کھیلو	گڑیا	کھیلو	سے
۴۔	کتاب کو پڑھو۔	کتاب	پڑھو	کو
۵۔	کمرے میں آؤ۔	کمرے	آؤ	میں

لفظوں کا کھیل

۷۔ دیے ہوئے الفاظ غور سے سنیں۔ ہر لفظ کی ابتدائی آواز تبدیل ہونے پر نیا لفظ معمے میں سے تلاش کر کے اس کے سامنے لکھیں۔



ہاتھی		ساتھی	
کام		شام	
دھاگے		بھاگے	
روک		ٹوک	
بولا		تولا	

پڑھنا سیکھیں

۸۔ دیے ہوئے اشعار درست تلفظ، لے، آہنگ اور روانی سے پڑھیں۔

دیکھو یہ ہیں دوست ہمارے
اچھے اچھے پیارے پیارے

کام پڑے تو کام بھی آئیں
ہر مشکل میں ہاتھ بٹائیں

اپنے گھر سے جو کچھ لائیں
سارے ساتھی مل کر کھائیں

گندے بچے کریں لڑائی
لیکن ہم ہیں بھائی بھائی

(احمد حاطب صدیقی)

طلبہ دیے ہوئے اشعار درست تلفظ، لے آہنگ اور روانی سے پڑھیں اور اساتذہ ان کی اصلاح کریں۔

کچھ نیا لکھیں

۹۔ آپ دوسروں کی پسند ناپسند کا خیال کیسے رکھتے ہیں؟ دو سے تین جملوں میں لکھ کر بتائیں۔

دوسروں کے لیے تحفہ لیتے وقت میں ان کی پسند کا خیال رکھتا ہوں۔


کھیل کھیلتے وقت میں دوسروں کی پسند کو ترجیح دیتا ہوں۔

بنا اجازت میں دوسروں کی چیزیں استعمال نہیں کرتا۔

۱۲۔ کیا آپ کا کبھی کسی سے جھگڑا ہوا ہے؟ آپ نے اس جھگڑے کو کیسے ختم کیا؟ دو سے تین جملوں میں لکھ کر بتائیں۔

جی ہاں ایک دفعہ میرا میرے دوست سے جھگڑا ہو گیا تھا۔ ہم دونوں اُس وقت غصے میں تھے لیکن بعد میں، میں نے صلح کرنے میں پہل کی۔ میرے دوست کو بھی اپنی غلطی کا احساس ہوا اور اس طرح ہماری دوستی ہو گئی۔

ہمارے کرنے کے کام



۱۳۔ طلبہ از خود اساتذہ کی رہنمائی میں دی ہوئی ہدایات سنیں اور ان پر عمل کریں۔

سبق : ۱۷

ہمارا دیس

اہم الفاظ :

۱۔ دیے ہوئے الفاظ کے معانی سمجھیں اور جملوں میں استعمال کریں۔ (زبانی)

طلبہ اپنے فہم کے مطابق الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔

الفاظ	معانی	جملے
دیس	ملک	ہمارے دیس کا نام پاکستان ہے۔
قُربان	جان دینا	ہم اپنے وطن کے لیے اپنی جان بھی قربان کر سکتے ہیں۔
آنکھوں کا تارا	بہت پیارا	علی اپنی امی جان کی آنکھوں کا تارا ہے۔
اِیمان	اعتبار، یقین	ہمارا ایمان ہے کہ اللہ تعالیٰ ایک ہے۔

میرے کرنے کے کام

۲۔ نظم کے مطابق مناسب الفاظ لکھ کر مصرعے مکمل کریں۔

اپنے دیس پہ ہم ____ قربان ____ آؤ ____ خوشی ____ سے مل کر گائیں

آزادی اپنا ____ ایمان ____ آزادی ہے ____ شان ____ ہماری

۳۔ نظم کے مطابق درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

○ دیس ہمارا ہم کو: ڈلارا پیارا

○ آزادی ہے آن: تمھاری ہماری

○ ہم سب کی آنکھوں کا: تارا چاند

۴۔ دیے ہوئے سوالوں کے جواب دیں۔

(الف) ہمارے پیارے وطن کا نام کیا ہے؟

جواب: ہمارے وطن کا نام پاکستان ہے۔

(ب) ہماری شان کیا ہے؟

جواب: ہماری آزادی ہماری شان ہے۔

(ج) ہمیں اپنے وطن سے محبت کیوں کرنی چاہیے؟

جواب: ہمیں اپنے وطن سے اس لیے محبت کرنی چاہیے کہ یہ ہمارا وطن ہے۔ ہم اس وطن میں آزادی اور سکون سے رہتے ہیں کیوں کہ آزادی سے ہماری شان اور آن ہے۔

بات سے نکلے بات

۵ دی ہوئی تصویر پر بات چیت کریں اور بتائیں کہ اگر یہ کس تقریب کی تصویر ہے۔ یہ بھی بتائیں کہ اگر آپ کو موقع ملے تو آپ اس تقریب کو کیسے منائیں گے؟



یہ یوم آزادی کی تقریب کی تصویر ہے۔ یوم آزادی ۱۴ اگست کو جوش اور جذبے کے ساتھ منایا جاتا ہے۔ اگر مجھے موقع ملے تو میں اپنے گھر کو جھنڈیوں سے سجاؤں گی۔ میں سفید اور سبز رنگ کے کپڑے پہنوں گی۔ اپنے وطن کی سلامتی اور ترقی کے لیے دعائیں کروں گی۔ اس بات کا عہد کروں گی کہ میں بڑے ہو کر اپنے وطن کی ترقی کے لیے کوشش کروں گی۔

طلبہ اپنے فہم کے مطابق یہ سوال حل کریں اور اساتذہ ان کی مدد اور رہنمائی کریں۔

قواعد سیکھیں

۶۔ مثال کے مطابق دیے ہوئے جملوں کو سوالیہ جملوں میں تبدیل کر کے دوبارہ لکھیں۔ جملوں کے آخر میں سوالیہ نشان بھی لگائیں۔

	جملے	سوالیہ جملے
مثال	یہ احمد کی کتاب ہے۔	کیا یہ احمد کی کتاب ہے؟
	ابو جان پھل لائیں گے۔	کیا ابو جان پھل لائیں گے؟
	عائشہ نے نماز پڑھی تھی۔	کیا عائشہ نے نماز پڑھی تھی؟
	لڑکے کرکٹ کھیلیں گے۔	کیا لڑکے کرکٹ کھیلیں گے؟

۷۔ دیے ہوئے جملوں میں "تھا، تھی اور تھے" لگا کر جملے مکمل کریں۔

- عائشہ نے کھانا کھایا ____تھا____۔
- بچے باغ میں کھیل رہے ____تھے____۔
- لڑکا سبق یاد کر رہا ____تھا____۔
- کل بارش ہوئی ____تھی____۔
- طوطے درخت پر بیٹھے ____تھے____۔
- عائشہ کتاب پڑھ رہی ____تھی____۔

لفظوں کا کھیل

۸۔ دیے ہوئے اشاروں کی مدد سے بے ترتیب حروف کو درست ترتیب دے کر لفظ بنا کر لکھیں۔

ل چ ب ں ے ی	قومی پھول	چنبیلی
ک ا ہ ی	قومی کھیل	ہاکی
د ا ر و	قومی زبان	اردو
چ و ک ر	قومی پرندہ	چکور

پڑھنا سیکھیں

۹۔ طلبہ دی گئی عبارت درست تلفظ اور روانی سے پڑھیں۔

پاکستان ایک آزاد اسلامی مُلک ہے۔ قائداعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ کی رہنُمائی میں ہمیں آزادی ملی۔ ہماری قومی زبان اُردُو ہے۔ ہمارے پرچم کا رنگ سبز اور سفید ہے۔ ہمارے پرچم پر ہلال اور تارا بنا ہُوا ہے۔ ہم اپنے وطن کی ترقّی کے لیے مِل جُل کر کام کریں گے۔

سوالات

- **ہمارے پرچم میں کون کون سے رنگ ہیں۔**

ہمارے پرچم میں دو رنگ ہیں: سبز اور سفید۔

- **کس کی رہنمائی میں ہمیں آزادی ملی؟**

قائداعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ کی رہنمائی میں ہمیں آزادی ملی۔


- **ہمارے قومی زبان کون سی ہے؟**

ہماری قومی زبان اردو ہے۔

طلبہ عبارت درست تلفظ اور روانی سے پڑھیں اور سوالات کے جواب دیں۔ اساتذہ ان کی ضرورت کے مطابق اصلاح کریں۔

کچھ نیا لکھیں

۱۰۔ دیے ہوئے الفاظ کی مدد سے پیارے وطن پاکستان کے بارے میں پانچ جملے لکھیں۔



1. ہمارے پیارے وطن کا نام پاکستان ہے۔
2. پاکستان کے قومی پرچم میں سبز اور سفید دو رنگ ہیں۔
3. پاکستان کی قومی زبان اردو ہے۔
4. پاکستان کے چار صوبے ہیں۔ گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر بھی پاکستان کا حصہ ہیں جو کہ بہت خوبصورت علاقے ہیں۔
5. پاکستان کے لوگ آپس میں مل جل کر رہتے ہیں۔
6. ہم سب اپنے وطن سے بہت محبت کرتے ہیں۔

ہمارے کرنے کے کام

۱۱۔ ہمیں اپنے ملک سے محبت کیوں کرنی چاہیے؟ کے موضوع پر تین سے چار جملوں پر مشتمل تقریر تیار کریں۔ درست لب لہجے کے ساتھ ساتھیوں کے سامنے پیش کریں۔

ہمارے پیارے وطن کا نام پاکستان ہے۔ ہمارا وطن بہت خوب صورت ہے۔ یہ ملک ہمیں ایک عظیم رہنما قائدِ اعظم محمد علی جناح رحمۃ اللہ علیہ کی رہ نمائی میں ملا ہے۔ اس کے چار صوبے ہیں۔ یہاں لوگ پیار اور محبت سے رہتے ہیں۔ ہماری قومی زبان اردو ہے۔ ہمارے پرچم کا رنگ سبز اور سفید ہے۔ اس میں چاند اور تارا بنا ہوا ہے۔ ہمارا وطن ہماری پہچان ہے۔

طلبہ اپنے فہم کے مطابق یہ سوال حل کریں اور اساتذہ ان کی مدد اور رہنمائی کریں۔

۱۱۔ اسکول میں موجود چیزوں (بورڈ، فرنیچر، پودوں) وغیرہ کا ہم کیسے خیال رکھ سکتے ہیں؟ اس سے متعلق چھوٹے چھوٹے پیغامات لکھیں اور اسکول میں مختلف جگہوں پر چسپاں کریں۔

طلبہ یہ کام اساتذہ کی رہنمائی میں از خود کریں۔

سبق : ۱۸

پھر یُوں ہُوا

اہم الفاظ

۱۔ دیے ہوئے الفاظ کے معانی سمجھیں اور جملوں میں استعمال کریں۔ (زبانی)

طلبہ اپنے فہم کے مطابق الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔


الفاظ	معانی	جملے
خوب صورت	پیارا	ہمارا گھر بہت خوب صورت ہے۔
ہمت	حوصلہ	ہمیں ہر کام ہمت سے کرنا چاہیے۔
رنگ رنگ کے	کئی رنگ کے	باغ میں رنگ رنگ کے پھول کھلے ہیں۔

میرے کرنے کے کام

۲۔ سبق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی رنگ بھر کر کریں۔



۳۔ درست الفاظ لکھ کر خالی جگہ پُر کریں۔



۴۔ دیے ہوئے سوالوں کے جواب دیں۔

(الف) پارک میں کس طرح کے پھول تھے؟

جواب: پارک میں رنگ برنگ کے پھول کھلے ہوئے تھے۔

(ب) امی جان نے احمد کو کیا سمجھایا؟

جواب: امی جان نے احمد کو سمجھایا کہ ہار اور جیت کھیل کا حصہ ہوتی ہے۔ کبھی ہم ہارتے ہیں اور کبھی ہم جیتتے ہیں، آپ ہمت مت ہارو۔ دوبارہ کوشش کرو۔

(ج) کھیل کھیلتے ہوئے اصولوں کا خیال رکھنا کیوں ضروری ہے؟

جواب: ہر کھیل کے کچھ اصول ہوتے ہیں۔ ہمیں ان اصولوں کا خیال رکھنا چاہیے اور ان پر عمل کرنا چاہیے۔ اصولوں کا خیال رکھنے سے آپس میں لڑائی جھگڑا نہیں ہوتا۔

طلبہ اپنے فہم کے مطابق ان سوالوں کا جوابات لکھیں۔

بات سے نکلے بات

۵۔ آپس میں بات چیت کریں اور بتائیں کہ کیا آپ نے کبھی کسی مقابلے میں حصہ لیا ہے؟ اس کا کیا نتیجہ نکلا تھا اور پھر آپ نے کیا کیا تھا؟

میں نے یوم آزادی کے موقع پر تقریری کے مقابلے میں حصہ لیا تھا اور میں یہ مقابلہ ہار گئی۔ میں نے ہمت نہیں ہاری اور نئے حوصلے اور بلند ہمت کے ساتھ دوبارہ اس مقابلے میں حصہ لیا۔ اس مرتبہ میں نے دوسرا انعام حاصل کیا۔

۶۔ دی ہوئی پہیلیاں غور سے سُنیں اور بُوجھیں۔

میں اِک پھل ہوں کھٹا میٹھا
بچّے شوق سے کھاتے ہیں
آخری دونوں حرف مٹا کر
سبزی مجھ کو بناتے ہیں

آلوچہ

لوگوں سے باتیں کروائے
باتوں پر خرچہ آ جائے

ٹیلی فون



شیشے کا گھر لوہے کا در
مٹکا سا پیٹ چھوٹا سا سر

بلب



قواعد سیکھیں

ٹوکری میں انگور سیب اور آم ہیں۔
ٹوکری میں انگور، آم اور سیب ہیں۔

حامد سارہ اور زارا اپنے امی ابو کے ساتھ باغ کی سیر کے لیے گئے۔
حامد، سارہ اور زارا اپنے امی ابو کے ساتھ باغ کی سیر کے لیے گئے۔

ابو جان بازار سے آلو گوبھی اور مٹر لائے۔
ابو جان بازار سے آلو، گوبھی اور مٹر لائے۔

ہم نے باغ میں رنگ رنگ کے پھول تتلیاں اور طوطے دیکھے۔
ہم نے باغ میں رنگ رنگ کے پھول، تتلیاں اور طوطے دیکھے۔

پھل سبزیاں اور دالیں ہماری صحت کے لیے ضروری ہیں۔
پھل، سبزیاں اور دالیں ہماری صحت کے لیے ضروری ہیں۔

۸۔ جملوں کے سامنے دیے ہوئے الفاظ میں سے مناسب لفظ لکھ کر جملے مکمل کریں۔

- سچ بولنا اچھی عادت ہے ۔ (ہیں، ہے، ہوں)
- لڑکے کرکٹ کھیل رہے ہیں ۔ (ہوں، ہے، ہیں)
- میں روزانہ اسکول جاتی ہوں ۔ (ہے، ہوں، ہیں)

لفظوں کا کھیل

۹۔ دیے ہوئے الفاظ کی ابتدائی آوازیں بدل کر دو، دو نئے الفاظ بنائیں۔

کھول	بول، ڈھول	مول، تول	چھوٹی	موٹی	روٹی
گھوڑا	دوڑا، توڑا	جوڑا، موڑا	جال	مال، ہال	سال

۸۔ دی ہوئی عبارت درست تلفظ اور روانی سے پڑھیں۔

اِنسان کی زِندگی میں کھیل بہت اہمیّت رکھتے ہیں۔ صحت مند رہنے کے لیے کھیل بہت ضروری ہیں۔ کھیلوں کی وجہ سے اِنسان ہر وقت چُست رہتا ہے۔ اُس کی صحت بھی اچھی رہتی ہے۔ مِل جُل کر کھیلنے کی وجہ سے آپس میں مَحبّت بڑھتی ہے۔

کچھ نیا لکھیں

۹۔ دی ہوئی جگہ میں اپنے پسندیدہ کھیل کی تصویر چسپاں کریں یا خود بنائیں اور دو سے تین ارکان والے الفاظ کا استعمال کرتے ہوئے اس کے بارے میں چار جملے لکھیں۔

میرا پسندیدہ کھیل کرکٹ ہے۔

میں اتوار کے دن گھر کے قریب ایک پارک میں اپنے دوستوں کے ساتھ کرکٹ کھیلتا ہوں۔

میں نے اسکول کی کرکٹ ٹیم میں بھی حصہ لیا ہے۔

مجھے اپنے دوستوں کے ساتھ کرکٹ کھیلنا پسند ہے۔

طلبہ اپنی تخلیقی اور تفہیمی صلاحیتوں کا استعمال کرتے ہوئے از خود جملے لکھیں۔

ہمارے کرنے کے کام

۱۰۔ اپنے اسکول کے کھیل کے میدان میں جائیں اور ٹیمیں بنا کر رسا کشی کا کھیل کھیلیں۔

طلبہ اپنے فہم کے مطابق "ہمارے کرنے کے کام" میں دی گئی سرگرمیاں حل کریں۔

سبق : ۱۹

وہ تینوں کیا کہتی ہیں؟

اہم الفاظ

۱۔ دیے ہوئے الفاظ کے معانی سمجھیں اور جملوں میں استعمال کریں۔ (زبانی)


الفاظ	معانی	جملے
ٹریفک	آمدورفت	ٹریفک کے قوانین پر عمل کرنے میں ہماری بھلائی ہے۔ سڑک پر ٹریفک رواں دواں تھی۔
عمل کرنا	بات ماننا	ہمیں ٹریفک کے قوانین پر عمل کرنا چاہیے۔
روشن ہونا	چمکنا	پیلی بتی کے روشن ہونے کا مطلب ہے کہ چلنے کے لیے تیار ہو جاؤ۔
بھلائی	بہتری	ٹریفک کے قوانین پر عمل کرنے میں ہماری بھلائی ہے۔

میرے کرنے کے کام

۲۔ سبق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی رنگ بھر کر کریں۔

- عائشہ گاڑی پر گھر جا رہی تھی: ابّو جان کے ساتھ / دادا جان کے ساتھ
- چوک میں پہنچتے ہی ٹریفک کی بتی روشن ہو گئی: سُرخ / پیلی
- سبز بتی روشن ہو تو اس کا مطلب ہے کہ: تیار ہو جاؤ / چل پڑو

۳۔ دی ہوئی بتیوں کو درست پیغامات سے ملائیں۔



۴۔دیے ہوئے سوالوں کے جواب دیں۔

(الف) سبز بتی روشن ہو تو کیا کرنا چاہیے؟

جواب: سبز بتی روشن ہو تو چل پڑنا چاہیے۔

(ب) ٹریفک کی بتیاں کہاں لگی ہوتی ہیں؟

جواب: ٹریفک کی بتیاں چوک پر سڑک کے کنارے لگی ہوتی ہیں۔

(ج) سڑک پر حادثوں سے کیسے بچا جا سکتا ہے؟

جواب: ٹریفک کے قوانین پر عمل کر کے حادثوں سے بچا جا سکتا ہے۔

بات سے نکلے بات

۵۔آپس میں بات چیت کریں اور بتائیں کہ سڑک پر فٹ پاتھ اور زیبرا کراسنگ کیوں بنائے جاتے ہیں؟

فٹ پاتھ سڑک پر پیدل چلنے والوں کے لیے بنائے جاتے ہیں۔زیبرا کراسنگ کے نشانات گاڑی چلنے والوں کو خبردار کرتے ہیں کہ پیدل چلنے والوں یا سڑک پار کرنے والوں کا انتظار کرنا ہے۔وہ گاڑی چلانے والوں سے یہ بھی کہتے ہیں کہ زیبرا کراسنگ پر پیدل چلنے والوں کو راستہ دینا چاہیے۔

۶۔دی ہوئی تصویریں غور سے دیکھیں اور آخر میں سوالوں کے زبانی جواب دیں۔



رُک جائیں۔



ہارن بجانا منع ہے۔



رفتار آہستہ کریں، آگے اِسکُول ہے۔

- **سرخ بتی روشن ہو تو کیا کرنا چاہیے۔**

سرخ بتی روشن ہو تو رک جانا چاہیے۔

- **اسکول کے قریب گاڑی کی رفتار آہستہ کیوں کرنی چاہیے؟**

اسکول کے قریب گاڑی کی رفتار اس لیے آہستہ کرنی چاہیے کیونکہ بچے اسکول آ اور جا رہے ہوتے ہیں۔

- **کن کن جگہوں پر ہارن نہیں بجانا چاہیے؟ وجہ بتائیں۔**

۴۔اسکول اور ہسپتال کے سامنے ہارن نہیں بجانا چاہیے۔اسکول کے سامنے ہارن بجانے سے بچوں کو پڑھائی میں مشکل پیش آسکتی ہے اور ہسپتال کے سامنے ہارن بجانے سے مریضوں کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔

۷۔ آپ اسکول اور گھر میں کن کن باتوں میں نظم وضبط کا خیال رکھتے ہیں؟ چند جملوں میں بتائیں۔

میں رات کو وقت پر سوتی ہوں اور صبح وقت پر اٹھتی ہوں۔ وقت پر اسکول جاتی ہوں۔ اسکول کے قوانین کی پابندی کرتی ہوں اور باقاعدگی سے کمرہ جماعت میں حاضر ہوتی ہوں۔ ہر کام وقت پر کرتی ہوں۔ گھر کا کام وقت پر کرتی ہوں۔ نماز وقت پر پڑھتی ہوں۔ چھٹی کے وقت جماعت سے نکلتے وقت اور کینٹین پر قطار میں کھڑے ہو کر اپنی باری کا انتظار کرتی ہوں۔

قواعد سیکھیں

"کا، کی، کے" کا استعمال

۷۔ دیا ہوا پیراگراف پڑھیں اور مناسب جگہ پر "کا، کی، کے" لکھ کر خالی جگہ پُر کریں۔

عائشہ کے گھر اس کے نانا جان اور نانی جان کی افطاری تھی۔ عائشہ کی امی جان نے سب کے لیے مزے دار کھانا بنایا۔ عائشہ نے کھجوریں دھو کر رکھیں۔ عائشہ کا چھوٹا بھائی بھی ان کی مدد کر رہا تھا۔ شام کو سب نے نانا جان اور نانی جان کے ساتھ مل کر روزہ افطار کیا اور اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا۔

۸۔ "گا، گی، گے" کا استعمال کرتے ہوئے تصویر سے متعلق تین جملے لکھیں۔

مثال: لڑکے فٹ بال کھیلیں گے۔



۱۔ سورج مشرق سے نکلے گا۔

۲۔ مالی پودے لگائے گا۔

۳۔ بچے جھولا جھولیں گے۔

۴۔ لڑکی جھولا جھولے گی۔

۵۔ لڑکی پانی پیے گی۔

۶۔ بچی کچرا کوڑے دان میں ڈالے گی۔

۷۔ باغ میں رنگ رنگ کے پھول کھلیں گے۔

لفظوں کا کھیل

۹۔ خالی جگہ میں درست حرف لکھ کر تصویر کا نام مکمل کریں اور لکھیں۔



پڑھنا

۱۰۔دیے ہوئے بے معنی الفاظ ایک منٹ میں روانی سے پڑھیں۔



کچھ نیا لکھیں

۱۱۔اگر سڑک پر ٹریفک کی بتیاں نہ ہوتیں تو ہمیں کن مسائل کا سامنا کرنا پڑتا؟ تین جملوں میں لکھ کر بتائیں۔

- اگر سڑک پر ٹریفک کی بتیاں نہ ہوتیں تو ہمیں حادثات کا سامنا کرنا پڑتا۔
- اگر سڑک پر ٹریفک کی بتیاں نہ ہوتیں تو ہر وقت سڑک پر ٹریفک جام ہوتی۔
- اگر سڑک پر ٹریفک کی بتیاں نہ ہوتیں تو پیدل چلنے والوں کے لیے سڑک پار کرنا بھی بہت مشکل ہو جاتا۔

۱۲۔دی ہوئی تصویر غور سے دیکھیں اور دو جملوں میں لکھ کر بتائیں کہ عائشہ اس حادثے سے کیسے بچ سکتی تھی؟



- اگر عائشہ سرخ بتی روشن ہونے کا انتظار کرتی تو حادثے سے بچ سکتی تھی۔
- عائشہ کو معلوم ہونا چاہیے تھا کہ سبز بتی روشن ہونے پر گاڑیاں چلنے لگتی ہیں، اس لیے اس وقت سڑک پار نہیں کرنی چاہیے۔

ہمارے کرنے کے کام

۱۳۔طلبہ اپنے فہم کے مطابق "ہمارے کرنے کے کام" میں دی گئی سرگرمیاں حل کریں۔

جائزہ۔۵

سننا / بولنا

۱۔ دیے ہوئے الفاظ غور سے سنیں اور ان کی ابتدائی آواز بدل کر نئے الفاظ بنائیں۔

روٹی	موٹی	چھوٹی، بوٹی
بھاری	جاری	ساری، عاری، قاری
بولے	جھولے، کالے	گولے، تولے، کھولے
سارے	پارے، گورے	ہارے، کھارے، مارے
گھوڑا	کوڑا، موڑا	توڑا، جوڑا
دھاگا	بھاگا	جاگا

۲۔ دی ہوئی تصویروں کو غور سے دیکھ کر ان سے متعلق کہانی بنائیں۔



علی اور احمد پارک فٹ بال کھیل رہے تھے۔ ایک بچہ پارک میں اداس بیٹھا ہوا تھا۔ علی اور احمد نے جب اسے دیکھا تو اس کے پاس آئے اور پوچھا کہ تم اداس کیوں بیٹھے ہو۔ بچہ بولا کہ میرا کوئی دوست نہیں جو میرے ساتھ کھیلے۔ اس لیے میں اداس ہوں۔ علی اور احمد نے اسے کہا: "آج سے ہم تمھارے دوست ہیں۔ آؤ! ہمارے ساتھ کھیلو۔" بچہ خوشی خوشی ان دونوں کے ساتھ کھیلنے لگا۔

پڑھنا

۳۔ دیے ہوئے اشعار درست تلفظ، لے، آہنگ اور روانی سے پڑھیں اور بتائیں کہ ان میں کون کون سی اچھی باتیں بتائی گئی ہیں؟

دھو لو ہاتھ اور صفائی کر لو
دسترخوان بچھاؤ

پہلے تم بسم اللہ پڑھ لو
دائیں ہاتھ سے کھاؤ

بھوک رہے تھوڑی سی باقی
پیٹ نہ بھر کر کھاؤ

(رازکاشمیری)

ہمیں کھانا کھانے سے پہلے ہاتھ دھونے چاہییں اور صفائی کرنی چاہیے۔ کھانے کے لیے دسترخوان بچھانا چاہیے۔ بسم اللہ پڑھ کر کھانا شروع کرنا چاہیے اور ہمیشہ

دائیں ہاتھ سے کھانا چاہیے۔ تھوڑی سی بھوک باقی ہو تو کھانا دینا چاہیے۔ کھانا ہمیشہ پیٹ بھر کر نہیں کھانا چاہیے۔

قواعد

۴۔ دیے ہوئے واحد کے جمع لکھیں۔

واحد	جمع
پرندہ	پرندے
میوہ	میوے
ادارہ	ادارے
نقشہ	نقشے

۵۔ دیے ہوئے جملوں میں اسم، فعل اور حرف تلاش کر کے متعلقہ خانوں میں لکھیں۔

جملے	اسم	فعل	حرف
• احمد نے پڑھا۔	احمد	پڑھا	نے
• باغ میں جاؤ۔	باغ	جاؤ	میں
• کرسی پر بیٹھو۔	کرسی	بیٹھو	پر
• بچے کو کھیلنے دو۔	بچے	کھیلنے دو	کو
• چڑیا گھر کی سیر کریں۔	چڑیا گھر	سیر کریں	کی

لکھنا

۶۔ آپ اپنے دوستوں کے ساتھ دوڑ کے مقابلے میں ہار جائیں تو آپ کیا کریں گے اور کیوں؟ تین جملوں میں لکھ کر بتائیں۔

اگر میں اپنے دوستوں کے ساتھ مقابلے میں ہار جاؤں تو میں اداس نہیں ہوں گا۔ نہ ہی دوستوں کے ساتھ جھگڑا کروں گا۔ اپنے دوستوں کی جیت پر خوش ہوں گا اور انھیں مبارک باد دوں گا۔ اگلی دفعہ زیادہ محنت کروں گا کہ میں مقابلہ جیت جاؤں۔ کیوں کہ مجھے معلوم ہے کہ ہار اور جیت کھیل کا حصہ ہوتے ہیں۔

۷۔ اپنے پسندیدہ پھل کے بارے میں تین جملے لکھیں۔

- میرا پسندیدہ پھل آم ہے۔
- یہ گرمیوں کے موسم میں آتا ہے۔
- اس کا رنگ پیلا ہوتا ہے۔
- یہ بہت میٹھا اور لذیذ پھل ہے۔
- اسے پھلوں کا بادشاہ بھی کہتے ہیں۔

سبق : ۲۰

عامر ہوا بیمار

اہم الفاظ :

۱۔ دیے ہوئے الفاظ کے معانی سمجھیں اور جملوں میں استعمال کریں۔ (زبانی)

طلبہ اپنے فہم کے مطابق الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔

الفاظ	معانی	جملے
گیٹ	دروازہ	ہمارے اسکول کا گیٹ بہت بڑا ہے۔ ہمارے اسکول کا گیٹ لوہے کا ہے۔
ڈھانپنا	کسی چیز کو چھپانے کے لیے کوئی دوسری چیز اس پر رکھنا	پانی کو ہمیشہ ڈھانپ کر رکھنا چاہیے۔
گرد	مٹی	آندھی کی وجہ سے ہر طرف گرد اڑ رہی ہے۔

میرے کرنے کے کام

۲۔ سبق کے مطابق درست جواب کے سامنے (✓) اور غلط جواب کے سامنے (×) کا نشان لگائیں۔

- شام کو عامر کے پیٹ میں درد شروع ہو گیا۔ ✓
- عامر نے پھیری والے سے چاٹ لے کر کھائی۔ ×
- پھیری والے عام طور پر چیزیں ڈھانپ کر نہیں رکھتے۔ ✓

۳۔ درست لفظ لکھ کر خالی جگہ پُر کریں۔

- عامر کی باجی اسے ڈاکٹر کے پاس لے گئیں۔
- عامر نے وعدہ کیا کہ اب وہ اپنی صحت کا خیال رکھے گا۔
- صحت مند رہنے کے لیے ہمیشہ صاف ستھری چیزیں کھانی چاہئیں۔

۴۔ دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھیں۔

ڈاکٹر صاحب نے عامر کو دوا کیوں دی؟

جواب: عامر کے پیٹ میں درد تھا جس کی وجہ سے ڈاکٹر صاحب نے عامر کو دوا دی۔

عامر نے پھیری والے سے کیا لے کر کھایا؟

عامر نے پھیری والے سے "گول گپے" لے کر کھائے۔

اگر پھیری والے چیزیں ڈھانپ کر نہ رکھیں تو کیا ہوتا ہے؟

جواب: اگر پھیری والے چیزیں ڈھانپ کر نہ رکھیں تو ان پر گرد پڑتی ہے، مکھیاں بیٹھتی ہیں۔ جس کی وجہ سے ان چیزوں کو کھانے والے بیمار ہو جاتے ہیں۔

بات سے نکلے بات

۵۔ دن بھر میں کیے جانے والے اپنے پانچ کاموں کے بارے میں بتائیں۔ ان میں سے ایک کام ایسا جو آپ بہت خوشی سے کرتے ہیں۔

صبح سویرے اٹھ کر نماز پڑھتا ہوں۔

میں دادا جان کے ساتھ صبح کی سیر کے لیے قریبی پارک میں جاتا ہوں۔ دادا جان مجھے اچھی اچھی باتیں بتاتے ہیں۔

میں ناشتا کرنے کے بعد اسکول جاتا ہوں۔

اسکول سے گھر واپس آ کر اسکول کا کام کرتا ہوں۔

شام کو دوستوں کے ساتھ کرکٹ کھیلتا ہوں۔

گھر کے کاموں میں امی جان کی مدد کرتا ہوں۔

میں دن میں پانچ نمازیں وقت پر پڑھ کر اور دادا جان کے ساتھ صبح کی سیر کر کے بہت خوش ہوتا ہوں۔

اساتذہ ہر طالب علم کو اس سرگرمی میں بولنے کا موقع دیں اور ہر طالب علم اپنے مشاہدات کی روشنی میں اس سوال کا جواب دے۔

قواعد سیکھیں

۶۔ دیے ہوئے جملوں میں سے اسم، فعل اور حرف چن کر متعلقہ خانوں میں لکھیں۔

جملے	اسم	فعل	حرف
ڈاکٹر نے علاج کیا۔	ڈاکٹر، علاج	کیا	نے
طارق کو بتاؤ	طارق	بتاؤ	کو
احمد نے دوڑ لگائی۔	احمد	دوڑ لگائی	نے

لفظوں کا کھیل

۷۔ دیے ہوئے الفاظ کے حروف الگ الگ کریں۔

الفاظ	حروف	الفاظ	حروف
ٹفن	ٹ۔ف۔ن	منع	م۔ن۔ع
پیٹ	پ۔ے۔ٹ	صحت	ص۔ح۔ت

پڑھنا سیکھیں

۸۔ دیے ہوئے جملے درست تلفظ اور روانی سے پڑھیں۔

صحت نہ ہو تو کھانے پینے میں مزہ بھی نہیں رہتا۔ صحت اللہ تعالیٰ کی نعمت ہے۔ یہ نعمت ہمیں مُفت ملی ہے۔ ہمیں اس کی حفاظت کرنی چاہیے۔ اللہ تعالیٰ نے ہمیں صاف رہنے، نیک بننے اور سب سے اچھا سُلوک کرنے کا حکم دیا ہے۔ ہم اس پر عمل کریں تو ہماری صحت بھی اچھی رہے گی۔

طلبہ دیے ہوئے جملے درست تلفظ اور روانی سے پڑھیں اور اساتذہ ان کی اصلاح کریں۔

کچھ نیا لکھیں

۹۔ صحت کی حفاظت کے لیے آپ کون سے کام کرتے ہیں؟ دو سے تین ارکان والے الفاظ کا استعمال کرتے ہوئے چار جملوں میں لکھ کر بتائیں۔

۱۔ میں روزانہ دانتوں کو صاف کرتا ہوں۔

۲۔ کھانا کھانے سے پہلے اور بعد میں صابن سے ہاتھ دھوتا ہوں۔

۳۔ روزانہ نہاتا ہوں اور صاف ستھرے کپڑے پہنتا ہوں۔

۴۔ وقت پر ناخن تراشتا ہوں۔

۵۔ بازار کی کھلی چیزیں نہیں کھاتا۔

۶۔ اپنے ارد گرد کی صفائی کا خیال رکھتا ہوں۔

ہمارے کرنے کے کام:

۱۰۔ ایک چارٹ پر متوازن غذا کی تصویریں لگائیں اور کمرہ جماعت میں آویزاں کریں۔

طلبہ از خود کریں۔

سبق : ۲۱

پیارے موسم

اہم الفاظ:

۱۔ دیے گئے الفاظ کے معانی سمجھیں اور جملوں میں استعمال کریں۔ (زبانی)

طلبہ اپنے فہم کے مطابق الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔

الفاظ	معانی	جملے
سبزہ	ہریالی	باغ میں ہر طرف سبزہ تھا۔
شدت	تیزی	جون میں گرمی کی شدت زیادہ ہوتی ہے۔
سرد	ٹھنڈا	سرد علاقوں میں موسم سرما میں برف باری ہوتی ہے۔
ماہ	مہینا	یہ ماہِ رمضان ہے۔

میرے کرنے کے کام:

۲۔ سبق کے مطابق درست الفاظ لکھ کر خالی جگہ پُر کریں۔

- گرمی کے موسم میں پسینا آتا ہے۔
- پرانے پھول پتے اگر نہ جھڑیں تو وہ گل سڑ جائیں
- موسم سرما میں بعض پہاڑی علاقوں میں برف باری بھی ہوتی ہے۔

۳۔ سبق کے مطابق درست جواب کے سامنے (✓) اور غلط جواب کے سامنے (×) کا نشان لگائیں۔

- موسمِ گرما میں دن چھوٹے اور راتیں لمبی ہو جاتی ہیں۔ [×]
- خزاں کے موسم کو پت جھڑ کا موسم بھی کہتے ہیں۔ [✓]
- سردیوں کے موسم میں گرم ہوائیں چلنا شروع ہو جاتی ہیں۔ [×]

۴۔ دیے ہوئے سوالوں کے جواب دیں۔

(الف) موسم سرما میں لوگ سردی سے بچنے کے لیے کیا کرتے ہیں؟

جواب: موسم سرما میں لوگ سردی سے بچنے کے لیے گرم کپڑے، سویٹر اور کوٹ پہنتے ہیں۔

(ب) گرمی کی شدت بڑھتی ہے تو کون سا موسم شروع ہوتا ہے؟

جواب: گرمی کی شدت بڑھتی ہے تو موسم گرما شروع ہوتا ہے۔

(ج) موسم خزاں میں کیا ہوتا ہے؟

جواب: موسم خزاں میں گرمی کی شدت کم ہو جاتی ہے۔ درختوں کے پرانے پتے جھڑ جاتے ہیں۔

بات سے نکلے بات

۵۔اپنے ساتھیوں کو بتائیں کہ آپ کو کون سا موسم پسند ہے اور کیوں؟

مجھے بہار کا موسم پسند ہے۔اس موسم میں ہر طرف سبزہ ہی سبزہ نظر آتا ہے۔ باغوں میں رنگ برنگ کے پھول کھلتے ہیں۔ پھولوں کی خوشبو سے دل خوش ہو جاتا ہے۔ درختوں پر پرندے چہچہاتے ہیں۔ یہ موسم سب موسموں سے اچھا ہوتا ہے۔

قواعد سیکھیں

۶۔دیے ہوئے جملوں میں مناسب جگہ پر ختم، سکتہ اور سوالیہ کا نشان لگا کر جملے دوبارہ لکھیں۔

سال میں کتنے موسم ہوتے ہیں	سال میں کتنے موسم ہوتے ہیں؟
موسم اللہ تعالیٰ کی نعمت ہیں	موسم اللہ تعالیٰ کی نعمت ہیں۔
مجھے گلاب موتیا اور سورج مکھی کے پھول اچھے لگتے ہیں	مجھے گلاب، موتیا اور سورج مکھی کے پھول اچھے لگتے ہیں۔
کس موسم میں لوگ کھلی فضا میں بیٹھنا پسند کرتے ہیں	کس موسم میں لوگ کھلی فضا میں بیٹھنا پسند کرتے ہیں؟

لفظوں کا کھیل

۷۔ حروف ملا کر لفظ بنائیں اور لکھیں۔

حروف	لفظ	حروف	لفظ
پ۔ی۔ا۔س	پیاس	ف۔ص۔ل	فصل
ش۔ر۔ب۔ت	شربت	ش۔ک۔ر	شکر

پڑھنا سیکھیں

۹۔ دی ہوئی عبارت درست تلفظ اور روانی سے پڑھیں۔

پاکستان ایک خوب صورت ملک ہے۔ پاکستان پاک لوگوں کا وطن ہے۔ پاک لوگ کون ہیں؟ وہ لوگ جو اچھے کام کرتے ہیں۔ ایک دوسرے کا خیال رکھتے ہیں۔ پاکستان اسلام کا قلعہ ہے۔ دین اسلام ہمیں اچھی باتیں سکھاتا ہے۔ ہم دنیا میں اپنے وطن کا نام روشن کریں گے۔

طلبہ عبارت درست تلفظ اور روانی سے پڑھیں اور اساتذہ ان کی اصلاح کریں۔

کچھ نیا لکھیں

۱۰۔دی گئی تصویر سے متعلق پانچ جملے لکھیں۔



1. بارش ہو رہی ہے۔
2. لڑکیاں جھولا جھول رہی ہیں۔
3. لڑکے خوشی سے سیر کر رہے ہیں۔
4. کوا درخت کی شاخ پر بیٹھا ہے۔
5. ہر طرف پھول کھلے ہوئے ہیں۔

طلبہ اپنے فہم کے مطابق لکھیں۔

ہمارے کرنے کے کام

۱۰۔طلبہ چاروں موسموں کا روپ دھاریں اور ہر موسم سے متعلق تین تین جملے بولیں۔

موسم گرما: موسم گرما میں گرمی کی شدت بہت بڑھ جاتی ہے۔لوگ دھوپ سے بچنے کے لیے گھروں سے کم نکلتے ہیں۔اس موسم کا پھل آم سب کو بہت پسند ہے۔اس موسم میں تربوز بھی شوق سے کھایا جاتا ہے۔لوگ ٹھنڈے مشروبات کا استعمال کرتے ہیں۔پنکھوں اور ایئر کنڈیشنر کا استعمال بڑھ جاتا ہے۔

موسم سرما: موسم سرما میں سرد ہوائیں چلتی ہیں۔لوگ سردی سے بچنے کے لیے گرم کپڑے، سویٹر اور کوٹ پہنتے ہیں۔پہاڑی علاقوں میں برف باری بھی ہوتی ہے۔لوگ خشک میوہ جات کا استعمال کرتے ہیں۔

موسم بہار: موسم بہار میں نہ زیادہ سردی ہوتی ہے اور نہ زیادہ گرمی ہوتی ہے۔یہ موسم بہت خوشگوار ہوتا ہے۔ہر طرف سبزہ ہی سبزہ ہوتا ہے۔باغوں میں رنگ رنگ کے پھول کھلے ہوتے ہیں۔درختوں پر پرندے چہچہاتے ہیں۔

موسم خزاں: اس موسم میں بھی نہ زیادہ سردی ہوتی ہے اور نہ زیادہ گرمی ہوتی ہے۔اس موسم میں درختوں کے پتے جھڑ جاتے ہیں۔اس موسم کو پت جھڑ کا موسم بھی کہتے ہیں۔

سبق : ۲۲

نصیحت

اہم الفاظ:

۱۔ان الفاظ کے معانی سمجھیں اور جملوں میں استعمال کریں۔(زبانی)

طلبہ اپنے فہم کے مطابق الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔

الفاظ	معانی	جملے
انجام	نتیجہ	اچھے کام کا انجام اچھا ہوتا ہے۔
تلے	نیچے	ماں کے پاؤں تلے جنت ہے۔
عمل	کام	ہمیں بڑوں کی باتوں پر عمل کرنا چاہیے۔
مسلم	مسلمان	مسلم آپس میں بھائی بھائی ہیں۔
مصیبت	دکھ	ہمیں مصیبت میں ایک دوسرے کے کام آنا چاہیے۔
بھڑنا	لڑائی کرنا	آپس میں بھڑنا بُری بات ہے۔

میرے کرنے کے کام:

۲۔کالم (الف) کو کالم (ب) سے ملا کر اشعار مکمل کریں۔



۳۔ نظم کے مطابق درست جواب کے سامنے (✓) اور غلط جواب کے سامنے (×) کا نشان لگائیں۔

- آپس میں مل جُل کر رہنا چاہیے۔ [✓]
- سچی بات نہیں کہنی چاہیے۔ [×]
- لڑنے کا انجام اچھا ہوتا ہے۔ [×]
- لڑنا بھڑنا بُرا کام ہے۔ [✓]

۴۔ دیے ہوئے سوالوں کے جواب دیں۔

(الف) اس نظم میں کن باتوں سے بچنے کی ہدایت کی گئی ہے؟

جواب: اس نظم میں لڑنے جھگڑنے، جھوٹ بولنے اور مصیبت میں دوسروں کا مذاق اڑانے سے بچنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

(ب) کسی کو مصیبت میں دیکھ کر ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

جواب: کسی کو مصیبت میں دیکھ کر ہمیں اس کی مدد کرنی چاہیے۔

(ج) اپنی ایک اچھی عادت لکھیں اور ایک ایسی عادت لکھیں جسے آپ بدلنا چاہتے ہیں؟

جواب: میں بڑوں کا کہنا مانتا ہوں۔ ہمیشہ سچ بولتا ہوں۔ مجھے غصہ بہت جلدی آجاتا ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ میں غصہ نہ کیا کروں۔

بات سے نکلے بات

۵۔ اپنی پسند کی کوئی نظم ساتھیوں کو سنائیں اور پسندیدگی کی وجہ بھی بتائیں۔

طلبہ از خود کریں۔

۶۔ آپس میں بات چیت کریں اور بتائیں کہ مل جل کر کام کرنے کے کیا فائدے ہیں؟

مل جل کر کام کرنے سے کام جلدی ہو جاتا ہے۔ مل جل کر کام کرنے سے اس میں برکت پیدا ہوتی ہے۔ کم وقت میں زیادہ کام ہو جاتا ہے۔

قواعد سیکھیں

۷۔ دیے ہوئے جملوں کے آخر میں "کا، کی، کے" لکھ کر جملے مکمل کریں۔

بارش کے بعد دھوپ نکل آئی۔ ثنا اور اس کا بھائی علی پارک چلے آئے۔ اچانک ثنا نے آسمان کی طرف دیکھا۔ وہ خوشی سے بولی: "بھائی! واہ وہ دیکھیں، رنگوں کا جھولا۔" علی نے مسکرا کر بولا۔ "ثنا یہ دھنک ہے۔"

لفظوں کا کھیل

۸۔ نظم کو دوبارہ پڑھیں اور دیے گئے الفاظ کے ہم آواز الفاظ لکھیں۔

الفاظ	ہم آواز الفاظ	الفاظ	ہم آواز الفاظ	الفاظ	ہم آواز الفاظ	الفاظ	ہم آواز الفاظ
خدمت	جنت	مانو	جانو	کام	انجام	پیاری	ساری

پڑھنا سیکھیں

۹۔ دیے ہوئے اشعار درست تلفظ، لے، آہنگ اور روانی سے پڑھیں۔ آخر میں سوالوں کے زبانی جواب دیں۔

سچ بولے سچا کہلائے — وہ بچہ اچھا کہلائے
وقت پہ سوئے، وقت پہ جاگے — وقت پہ کھیلے، دوڑے بھاگے
اُستادوں کا کہنا مانے — اُن کی بات کو اچھا جانے
کھیلے کُودے، جھولا جھولے — لکھنا پڑھنا، کبھی نہ بھولے

(اسحاق جلالپوری)

سوالات :

- **سچ بولنے والے کو کیا کہتے ہیں؟**

جواب: سچ بولنے والے کو سچا کہتے ہیں۔

- **اچھا بچہ اپنے استاد کی بات کیسا جانتا ہے؟**

جواب: اچھا بچہ اپنے استاد کی بات کو اچھا جانتا ہے۔

- **اچھا بچہ کیا بات کبھی نہیں بھولتا؟**

جواب: اچھا بچہ لکھنا اور پڑھنا کبھی نہیں بھولتا۔

- **اچھا بچہ اپنے کام کیسے انجام دیتا ہے؟**

جواب: اچھا بچہ اپنے کام وقت پر انجام دیتا ہے۔

کچھ نیا لکھیں

۱۰۔ آپ مشکل میں اپنے دوستوں کی مدد کیسے کرتے ہیں؟ چار جملوں میں لکھ کر بتائیں۔

1. میں مشکل میں اپنے دوستوں کا مذاق نہیں اُڑاتا۔
2. اگر وہ اپنی پنسل گھر بھول جائیں تو میں زائد پنسل انھیں دیتا ہوں۔
3. اگر وہ کھانے کا ڈبا گھر بھول جائیں تو میں اپنا کھانا ان کے ساتھ بانٹ کر کھاتا ہوں۔
4. اگر ان کی کوئی چیز کھو جائے تو میں اسے تلاش کرنے میں ان کی مدد کرتا ہوں۔

ہمارے کرنے کے کام

۱۱۔ عبادت گاہوں میں اُٹھنے بیٹھنے کے آداب سے متعلق استاد کی مدد سے ایک کتابچہ تیار کریں

طلبہ یہ کام از خود کریں۔

جائزہ۔٦

سننا / بولنا

۱۔دیے ہوئے الفاظ غور سے سنیں اور ان کے دو دو ہم آواز الفاظ بتائیں۔

الفاظ	ہم آواز الفاظ	
ہماری	ساری، بھاری	جاری، آری، قاری
جال	مال، بال، کھال	سال، دال
رات	مات، ذات	سات
دکھانا	سکھانا	بتانا

۲۔ دی ہوئی تصویروں کو غور سے دیکھیں اور بتائیں کہ ہمیں ان میں سے کون سے کام کرنے چاہییں اور کون سے نہیں اور کیوں؟



- ہمیں قطار بنانی چاہیے اگر ہم قطار نہ بنائیں تو آپس میں لڑائی جھگڑا ہو سکتا ہے۔دھکم پیل سے کسی کو چوٹ بھی لگ سکتی ہے
- کینٹین اور مختلف جگہوں پر ہمیشہ قطار بنانی چاہیے۔قطار بنانے سے دھکم پیل نہیں ہوتی اور کم وقت میں سکون سے کام ہو جاتا ہے۔
- آپس میں ایک دوسرے سے ملتے وقت السلام علیکم کہنا چاہیے،اس سے آپس میں محبت بڑھتی ہے۔
- ایک دوسرے سے لڑائی جھگڑا نہیں کرنا چاہیے کیوں کہ جھگڑا کرنا بری بات ہے۔

طلبہ اپنے فہم کے مطابق جواب دیں

پڑھنا

۳۔دی ہوئی عبارت درست تلفظ اور روانی سے پڑھیں اور آخر میں سوالات کے جواب دیں۔

عبارت درست تلفظ اور روانی پڑھنے پر جانچ کی جائے گی۔

حامد اپنی امّی کے ساتھ کھلونے خریدنے بازار گیا۔اُس کا ہاتھ اپنی امّی جان کے ہاتھ سے چھوٹ گیا۔وہ بہت پریشان ہوا۔اُسے امّی جان کی بات یاد آئی کہ اگر بھیڑ میں گُم ہو جائیں تو دوبارہ اُسی جگہ فوراً واپس آ جائیں۔ حامد واپس پہنچا تو دیکھا،امّی جان وہیں کھڑی تھیں۔حامد امّی جان سے مل کر بہت خُوش ہوا۔

سوالات:

- **حامد امی جان کے ساتھ بازار کیوں گیا تھا؟**

جواب: حامد امی جان کے ساتھ کھلونے خریدنے بازار گیا۔

- **حامد کو امی جان کی کون سی بات یاد آئی؟**

جواب: حامد کو امی جان کی یہ بات یاد آئی کہ اگر بھیڑ میں گم ہو جائیں تو دوبارہ اسی جگہ فوراً واپس آجائیں۔

- **حامد کیوں پریشان ہوا؟**

جواب: بازار میں حامد کا ہاتھ اپنی امی جان کے ہاتھ سے چھوٹ گیا جس کی وجہ سے حامد پریشان ہوا۔

- اگر آپ کبھی بھیڑ میں گم ہو جائیں تو کیا کریں گے؟

جواب: اگر بھیڑ میں گم ہو جائیں تو ہمیں دوبارہ اسی جگہ فوراً واپس آجانا چاہیے۔

قواعد

۴۔ دیے ہوئے جملوں میں مناسب جگہ پر ختمہ، سکتہ اور سوالیہ کی علامت لگائیں۔

- آپ کہاں رہتے ہیں؟
- مجھے آم، انگور اور سیب پسند ہیں۔
- چاند، سورج اور ستارے اللہ تعالیٰ کی نعمت ہیں۔
- دروازے پر کون ہے؟

۵۔ دیے ہوئے واحد کے جمع اور جمع کے واحد لکھیں۔

واحد	جمع	جمع	واحد
بچہ	بچے	طوطے	طوطا
جھنڈا	جھنڈے	انڈے	انڈا
نقشہ	نقشے		

لکھنا

۷۔دی ہوئی تصویر سے متعلق پانچ جملے لکھیں۔



- لڑکے فٹ بال سے کھیل رہے ہیں۔
- لڑکیاں بلی سے کھیل رہی ہیں۔
- ثنا اور علی باتیں کر رہے ہیں۔
- پرندے اڑ رہے ہیں۔
- احمد اور رضا جھولا جھول رہے ہیں۔
- ہر طرف سبزہ ہی سبزہ ہے۔

طلبہ اپنے فہم کے مطابق لکھیں۔

۸۔فرض کریں کہ اگر آپ پرندوں کی طرح اڑ سکتے تو آپ کہاں کہاں کی سیر کرنا پسند کرتے؟ آپ کیا کھاتے پیتے؟ کسے دوست بناتے؟ کہاں رہتے؟ کیسا محسوس کرتے؟ پانچ جملوں میں لکھ کر بتائیں۔

1. میں پہاڑوں اور دریاؤں پر اڑتا۔
2. میں تازہ پھل کھانا پسند کرتا۔
3. طوطے اور کوئل کو اپنا دوست بناتا۔
4. میں پہاڑوں کی چوٹی پر اپنا گھونسلا بناتا۔
5. میں ہوا میں اڑتا ہوا مدینہ منورہ جاتا اور روضہ رسول ﷺ کے قریب اپنا گھر بناتا۔
6. روز روضہ رسول ﷺ کو دیکھنے کے لیے جاتا۔
7. میں بہت خوش ہوتا اور اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا۔

THE ARSIM SCHOOL & C OLLEGE

Registered & Affiliated PEIRA/FDE/FBISE

مکمل حروف تہجی، آدھی اشکال،

اسم، فعل، حرف، رموز او قاف (ختمہ، سوالیہ، سکتہ) حروف اضافت۔

الفاظ اُلٹ، مذکر مؤنث، واحد جمع سلیبس سے

ذخیرہ معلومات: پھلوں کے نام، سبزیوں کے نام، جسم کے حصوں کے نام، ہفتے کے دنوں کے نام، سال کے مہینوں کے نام (ہجری مہینے، عیسوی مہینے)، موسموں کے نام، پرندوں اور جانوروں کے نام۔

مضمون: میرا تعارف، میرا گھر، میرا وطن، کہانی: پیاسا کوا درخواست: برائے بیماری

اسم: کسی شخص، جگہ یا چیز کے نام کو اسم کہتے ہیں۔ مثلاً اسلم، اسلام آباد، کتاب وغیرہ

فعل: وہ لفظ جو کسی کام کے کرنے یا ہونے کو ظاہر کرے، اسے فعل کہتے ہیں۔ مثلاً کھانا، پینا، پڑھنا، لکھنا، کھیلنا وغیرہ

حرف: وہ کلمہ ہے جو دو اسموں اور فعلوں کو آپس میں ملائے حرف کہلاتا ہے۔ مثلاً کا، کے، کی، پر، سے، تک، کو، نے وغیرہ

رموز او قاف (ختمہ، سوالیہ، سکتہ)

ختمہ (۔): یہ علامت جملہ مکمل ہونے کے بعد لگاتے ہیں۔ اس علامت (۔) کو ختمہ کہتے ہیں۔

سوالیہ (؟): جن جملوں میں کوئی بات یا سوال پوچھا جائے۔ انھیں سوالیہ جملے کہتے ہیں اور ان جملوں کے آخر میں سوالیہ نشان (؟) لگایا جاتا ہے۔

سکتہ (،): جب دو یا دو سے زیادہ ایک ہی طرح کے الفاظ آجائیں تو انھیں ایک دوسرے سے الگ کرنے کے لیے سکتہ کی علامت (،) لگائی جاتی ہے۔

حروف اضافت: وہ حروف جو دو اسموں کے درمیان تعلق کو ظاہر کریں انھیں حروف اضافت کہتے ہیں۔ مثلاً

احمد کا کبوتر سفید رنگ کا ہے۔ یہ عائشہ کی کتاب ہے۔

THE ARSIM SCHOOL & C OLLEGE

Registered & Affiliated PEIRA/FDE/FBISE

واحد/جمع: جمع بنانے کے لیے "ا" یا "ہ" کو ہٹا کر "ے" لگادی گئی ہے۔

واحد	جمع	واحد	جمع	واحد	جمع
انڈا	انڈے	بچہ	بچے	پیسا	پیسے
بستہ	بستے	بوڑھا	بوڑھے	تکیہ	تکیے
بیٹا	بیٹے	پودا	پودے	تختہ	تختے
پتا	پتے	پوتا	پوتے	ٹڈا	ٹڈے
کمرا	کمرے	تارا	تارے	چمچہ	چمچے
گھوڑا	گھوڑے	تحفہ	تحفے	راستہ	راستے
بکرا	بکرے	ٹوکرا	ٹوکرے	جوتا	جوتے
راجا	راجے	کوا	کوے	طوطا	طوطے
کتا	کتے	گانا	گانے	مُرغا	مُرغے

الفاظ الٹ:

الفاظ	الٹ	الفاظ	الٹ	الفاظ	الٹ
1۔ آسمان	زمین	2۔ دُکھ	سُکھ	3۔ مُشکل	آسان
4۔ اچھا	بُرا	5۔ دُور	نزدیک	6۔ آگ	پانی
7۔ اندھیرا	اُجالا	8۔ صاف	گندا	9۔ امیر	غریب
10۔ اندر	باہر	11۔ سردی	گرمی	12۔ انسان	حیوان

مذکر/مونث:

مذکر	مونث	مذکر	مونث	مذکر	مونث
1۔ بکرا	بکری	2۔ دادا	دادی	3۔ بیٹا	بیٹی
4۔ بلّا	بلّی	5۔ گھوڑا	گھوڑی	6۔ بچہ	بچی
7۔ پوتا	پوتی	8۔ لڑکا	لڑکی	9۔ پھوپھا	پھوپھی

THE ARSIM SCHOOL & C OLLEGE

Registered & Affiliated PEIRA/FDE/FBISE

10۔تایا	تائی	11۔نانا	نانی	12۔چچا	چچی

ذخیرہ معلومات:

پھلوں کے نام

1	آم	2	آڑو	3	مالٹا	4	انار	5	امرود
6	انگور	7	کیلا	8	سیب	9	ناشپاتی	10	خوبانی

سبزیوں کے نام

1	آلو	2	پیاز	3	ٹماٹر	4	گاجر	5	مولی
6	مٹر	7	گوبھی	8	لہسن	9	ادرک	10	بھنڈی

ہفتے کے دنوں کے نام

پیر	منگل	بدھ	جمعرات	جمعہ	ہفتہ	اتوار

سال کے مہینوں کے نام

1	جنوری	2	فروری	3	مارچ	4	اپریل	5	مئی	6	جون
7	جولائی	8	اگست	8	ستمبر	10	اکتوبر	11	نومبر	12	دسمبر

اسلامی مہینوں کے نام

1	محرم	2	صفر	3	ربیع الاول	4	ربیع الثانی	5	جمادی الاول	6	جمادی الثانی
7	رجب	8	شعبان	8	رمضان	10	شوال	11	ذوالقعدہ	12	ذوالحجہ

موسموں کے نام

1	سردی	2	گرمی	3	بہار	4	خزاں

پرندوں کے نام

1	چڑیا	2	طوطا	3	کبوتر	4	چیل	5	فاختہ

THE ARSIM SCHOOL & C OLLEGE

Registered & Affiliated PEIRA/FDE/FBISE

6	عقاب	7	بلبل	8	الو	9	کوا	10	مور

جانوروں کے نام

1	گائے	2	بکری	3	بھینس	4	خرگوش	5	کتا
6	بلی	7	گھوڑا	8	اُونٹ	9	بندر	10	ہاتھی

غلط جملوں کو درست کر کے لکھیں۔:

	غلط جملے	درست جملے		غلط جملے	درست جملے
1۔	یہ میری قلم ہے۔	یہ میرا قلم ہے۔	11۔	دہی کھٹی تھی۔	دہی کھٹا تھا۔
2۔	آپ کی قلم کون سی ہے؟	آپ کا قلم کون سا ہے؟	12۔	اُسے اُردو نہیں آتا۔	اُسے اُردو نہیں آتی۔
3۔	اُس نے کھیل نہیں کھیلی۔	اُس نے کھیل نہیں کھیلا۔	13۔	تمھارا گیند کہاں ہے۔	تمھاری گیند کہاں ہے۔
4۔	مجھے آپ کی خط ملی۔	مجھے آپ کا خط ملا۔	14۔	اپنا گیند لاؤ۔	اپنی گیند لاؤ۔
5۔	باغ میں ہر اہرا گھاس تھا۔	باغ میں ہری ہری گھاس تھی۔	15۔	اُس کا ناک موٹا ہے۔	اُس کی ناک موٹی ہے۔
6۔	یہ میز ہمارا ہے۔	یہ میز ہماری ہے۔	16۔	تمھارا ناک لمبا ہے۔	تمھاری ناک لمبی ہے۔
7۔	درد بہت تھی۔	درد بہت تھا۔	17۔	یہ میرا کتاب ہے۔	یہ میری کتاب ہے۔
8۔	تھوڑی سی دہی لے آؤ۔	تھوڑا سا دہی لے آؤ۔	18۔	میری قلم نئی ہے۔	میرا قلم نیا ہے۔
9۔	میز تو خالی پڑا تھا۔	میز تو خالی پڑی تھی۔	19۔	میں نے کتاب پڑھا۔	میں نے کتاب پڑھی۔
10۔	اُس کے سر میں درد ہو رہی تھی۔	اُس کے سر میں درد ہو رہا تھا۔	20۔	دودھ ٹھنڈی ہے۔	دودھ ٹھنڈا ہے۔

THE ARSIM SCHOOL & C OLLEGE

Registered & Affiliated PEIRA/FDE/FBISE



مضامین: میرا تعارف، میرا گھر، میرا وطن

میرا تعارف	
1	میں ایک لڑکا/لڑکی ہوں۔
2	میرا نام _____ ہے۔
3	میں اوّل جماعت میں پڑھتا/پڑھتی ہوں۔
4	میری عمر سات سال ہے۔
5	مجھے پڑھنے کا بہت شوق ہے۔
6	میرے امّی ابو مجھ سے بہت پیار کرتے ہیں۔
7	میں علی پور اسلام آباد میں رہتا/رہتی ہوں۔
8	میرے سکول کا نام دی آرسم سکول اینڈ کالج ہے۔

میرا گھر	
1	یہ میرا گھر ہے
2	اس میں چار کمرے ہیں۔
3	یہ بہت کھلا ہے۔
4	ہم اس میں رہتے ہیں۔
5	امّی گھر کا کام کرتی ہیں۔
6	وہ گھر کو صاف رکھتی ہیں
7	ہم اس میں بہت پیار سے رہتے ہیں۔
8	مجھے اپنا گھر بہت اچھا لگتا ہے۔



میرا وطن	
1	میرے وطن کا نام پاکستان ہے۔
2	یہ بہت خوب صورت ملک ہے۔
3	پاکستان 14 اگست 1947 کو بنا۔
4	یہ اسلامی ملک ہے۔
5	اس کے چار صوبے ہیں۔
6	اس کی قومی زبان اُردو ہے۔
7	قائداعظم پاکستان کے بانی ہیں۔
8	مجھے اپنے وطن سے پیار ہے۔

THE ARSIM SCHOOL & C OLLEGE

Registered & Affiliated PEIRA/FDE/FBISE

کہانی: پیاسا کوا

ایک کوا بہت پیاسا تھا۔ وہ ادھر اُدھر اُڑ کر پانی تلاش کر رہا تھا۔ اچانک اس کی نظر باغ میں موجود جگ پر پڑی وہ جگ کے پاس گیا لیکن جگ میں پانی بہت تھوڑا تھا۔ وہ کچھ سوچ کر اُڑا اور چھوٹے چھوٹے پتھر چونچ میں پکڑ کر لانے اور جگ میں گرانے لگا۔ اس طرح پانی اوپر آ گیا۔ اب کوے نے آسانی سے جی بھر کر پانی پیا اور اُڑ گیا۔

نتیجہ: ضرورت ایجاد کی ماں ہے۔

درخواست برائے بیماری

بخدمت جناب پرنسپل دی آرسم سکول اینڈ کالج اسلام آباد

جناب عالی!

ادب سے گزارش ہے کہ میں کل سے بیمار ہوں۔ اس لیے سکول حاضر نہیں ہو سکتا / سکتی۔ برائے مہربانی مجھے ایک دن کی چھٹی عنایت فرمائیں۔ شکریہ

العارض / العارضہ

مورخہ: _____ جماعت: اول

دی آرسم سکول اینڈ کالج اسلامی تربیتی کورس برائے آرسم طلباو طالبات



ہمارا دینِ اسلام (اسلامیات)

اَللّٰھُمَّ فَقِّھْنِیْ فِی الدِّیْنِ

اے اللہ! مجھے دین کی سمجھ عطا فرما۔

جماعت: اول

نمبر شمار	عنوان
1	تعوذ، تسمیہ،، بچے کلمے، نماز، آیۃ الکرسی، دُعائے قنوت، ایمان مفصل، ایمان مجمل
2	اسمائے حسنیٰ
3	پیارے نبی خاتم النبیین حضرت محمد ﷺ کے پیارے اذکار (مسنون اذکار)
4	پیارے نبی خاتم النبیین حضرت محمد ﷺ کی پیاری دعائیں (مسنون دعائیں)
5	پیارے نبی خاتم النبیین حضرت محمد ﷺ کی پیاری باتیں (احادیث)

1. تعوذ، تسمیہ، کلمہ طیبہ، کلمہ شہادت، کلمہ تمجید، کلمہ توحید، نماز

تعوذ

أَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ.

ترجمہ: میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں شیطان مردود سے

تسمیہ

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.

ترجمہ: شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے۔

کلمہ طیبہ

اول کلمہ طیب

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ

"اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں۔"

There is none worthy of worship except Allah and Muhammad is the Messenger of Allah.

کلمہ شہادت

دوسرا کلمہ شہادت

اَشْهَدُ اَنْ لاَّ اِلٰهَ اِلاَّ اللهُ وَحْدَهُ لا شَرِيْکَ لَهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ بیشک محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اللہ کے بندے اور رسول ہیں۔

I bear witness that (there is) none worthy of worship except Allah; One is He, no partner hath He, and I bear witness that Muhammad [P.B.U.H.] is His Servant and Messenger.

کلمہ تمجید

تیسرا کلمہ تمجید

سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلاَ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاللهُ اَکْبَرُ ط وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

اللہ پاک ہے اور سب تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں اور اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے۔ گناہوں سے بچنے کی طاقت اور نیکی کی توفیق نہیں مگر اللہ کی طرف سے عطا ہوتی ہے جو بہت بلند عظمت والا ہے۔

Flawless is Allah and the Praise is of Allah, and (there is) none worthy of worship except Allah, and Allah is the Greatest. And (there is) no power and no strength except from Allah, the Most High, the Most Great.

کلمہ توحید

چوتھا کلمہ توحید

لَا اِلٰهَ اِلاَّ اللهُ وَحْدَهُ لَاشَرِيْکَ لَهُ لَهُ الْمُلْکُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَا يَمُوْتُ اَبَدًا اَبَدًا ط ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ط بِيَدِهِ الْخَيْرُ ط وَهُوَ عَلٰى کُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لیے بادشاہی ہے اور اسی کے لئے تعریف ہے، وہی زندہ کرتا اور مارتا ہے اور وہ ہمیشہ زندہ ہے، اسے "کبھی موت نہیں آئے گی، بڑے جلال اور بزرگی والا ہے۔ اس کے ہاتھ میں بھلائی ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

(There is) none worthy of worship except Allah - One is He, no partners hath He. His is the Dominion, and His is the Praise. He gives life and causes death, and He is Living, who will not die, never. He of Majesty and Munificence. Within His Hand is (all) good. And He is, upon everything, Able (to exert His Will).

کلمہ استغفار

پانچواں کلمہ استغفار

اَسْتَغْفِرُ اللهَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ اَذْنَبْتُهُ عَمَدًا اَوْ خَطَاً سِرًّا اَوْ عَلَانِيَةً وَّاَتُوْبُ اِلَيْهِ مِنَ الذَّنْبِ الَّذِیْ اَعْلَمُ وَمِنَ الذَّنْبِ الَّذِیْ لَا اَعْلَمُ ط اِنَّکَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ وَسَتَّارُ الْعُيُوْبِ وَغَفَّارُ الذُّنُوْبِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

"میں اپنے پروردگار اللہ سے معافی مانگتا ہوں ہر اس گناہ کی جو میں نے جان بوجھ کر کیا یا بھول کر، چھپ کر کیا یا ظاہر ہو کر۔ اور میں اس کی بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں اس گناہ کی جسے میں جانتا ہوں اور اس گناہ کی بھی جسے میں نہیں جانتا۔ (اے اللہ!) بیشک تو غیبوں کا جاننے والا، عیبوں کا چھپانے والا اور گناہوں کا بخشنے والا ہے۔ اور گناہ سے بچنے کی طاقت اور نیکی کرنے کی قوت نہیں مگر اللہ کی مدد سے جو بہت بلند عظمت والا ہے۔"

I seek forgiveness from Allah, my Lord, from every sin I committed knowingly or unknowingly, secretly or openly, and I turn towards Him from the sin that I know and from the sin that I do not know. Certainly You, You (are) the Knower of the hidden things and the Concealer (of) the

mistakes and the Forgiver (of) the sins. And (there is) no power and no strength except from Allah, the Most High, the Most Great.

کلمہ ردِّ کفر

چھٹا کلمہ ردّ کفر

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ اَنْ اُشْرِکَ بِکَ شَیْئًا وَّاَنَا اَعْلَمُ بِهٖ وَاَسْتَغْفِرُکَ لِمَا لَا اَعْلَمُ بِهٖ تُبْتُ عَنْهُ وَتَبَرَّاْتُ مِنَ الْکُفْرِ وَالشِّرْکِ وَالْکِذْبِ وَالْغِیْبَةِ وَالْبِدْعَةِ وَالنَّمِیْمَةِ وَالْفَوَاحِشِ وَالْبُهْتَانِ وَالْمَعَاصِیْ کُلِّهَا وَاَسْلَمْتُ وَاَقُوْلُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ میں کسی شے کو جان بوجھ کر تیرا شریک بناؤں اور بخشش مانگتا ہوں تجھ سے اس (شرک) کی جسے میں نہیں جانتا اور میں نے اس سے (یعنی ہر طرح کے کفر و شرک سے) توبہ کی اور بیزار ہوا کفر، شرک، جھوٹ، غیبت، بدعت اور چغلی سے اور بے حیائی کے کاموں سے اور بہتان باندھنے سے اور تمام گناہوں سے۔ اور میں اسلام لایا۔ اور میں کہتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں۔

O Allah! I seek protection in You from that I should not join any partner with You and I have knowledge of that and I seek Your forgiveness from that which I do not know. I repent from it (ignorance) and I reject disbelief (kufr) and joining partners with You (shirk) and of falsehood and slandering (gheebat) and innovation in religion (bid'at) and tell-tales and bad, evil deeds and the blame and the disobedience, all of them. And I submit to Your will and I say: (There is) none worthy of worship except Allah and Muhammad [P.B.U.H.] is the Messenger of Allah.

ایمانِ مُفَصَّل

اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِکَتِهٖ وَ کُتُبِهٖ وَ رُسُلِهٖ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْقَدْرِ خَیْرِهٖ وَ شَرِّهٖ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰی وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ.

میں ایمان لایا اللہ تعالیٰ پر اور اس کے فرشتوں پر اور اس کی کتابوں پر اور اس کے رسولوں پر اور آخرت کے دن پر اور اچھی اور بری تقدیر کے اللہ کی طرف سے ہونے پر اور مرنے کے بعد اٹھائے جانے پر۔"

ایمانِ مُجمَل

اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ کَمَا هُوَ بِاَسْمَآئِهٖ وَصِفَاتِهٖ وَقَبِلْتُ جَمِیْعَ اَحْکَامِهٖ اِقْرَارٌ بِاللِّسَانِ وَتَصْدِیْقٌ بِالْقَلْبِ ط

ترجمہ: میں ایمان لایا اللہ پر جیسا کہ وہ اپنے ناموں اور صفتوں کے ساتھ ہے اور میں نے اس کے تمام احکام قبول کئے زبان سے اقرار کرتے ہوئے اور دل سے تصدیق کرتے ہوئے۔

آیۃ الکرسی

اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ کُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا یَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ

خدا (وہ معبود برحق ہے کہ) اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں زندہ ہمیشہ رہنے والا اسے نہ اونگھ آتی ہے نہ نیند جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہیں سب اسی کا ہے کون ہے جو اس کی اجازت کے بغیر اس سے (کسی کی) سفارش کر سکے جو کچھ لوگوں کے روبرو ہو رہا ہے اور جو کچھ ان کے پیچھے ہو چکا ہے اسے سب معلوم ہے اور وہ اس کی معلومات میں سے کسی چیز پر دسترس حاصل نہیں کر سکتے ہاں جس قدر وہ چاہتا ہے (اسی قدر معلوم کرا دیتا ہے) اس کی بادشاہی (اور علم) آسمان اور زمین سب پر حاوی ہے اور اسے ان کی حفاظت کچھ بھی دشوار نہیں وہ بڑا عالی رتبہ اور جلیل القدر ہے۔

دعائے قنوت

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُکَ وَنَسْتَغْفِرُکَ، وَنُؤْمِنُ بِکَ وَنَتَوَکَّلُ عَلَیْکَ، وَنُثْنِیْ عَلَیْکَ الْخَیْرَ، وَنَشْکُرُکَ وَلَا نَکْفُرُکَ، وَنَخْلَعُ وَنَتْرُکُ مَنْ یَّفْجُرُکَ، اَللّٰھُمَّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَلَکَ نُصَلِّیْ وَنَسْجُدُ وَاِلَیْکَ نَسْعٰی وَنَحْفِدُ، وَنَرْجُوْا رَحْمَتَکَ، وَنَخْشٰی عَذَابَکَ اِنَّ عَذَابَکَ بِالْکُفَّارِ مُلْحِقٌ.

اے اللہ! ہم تجھ سے مدد مانگتے ہیں اور تجھ سے بخشش چاہتے ہیں، تجھ پر ایمان لاتے ہیں اور تجھ پر بھروسہ کرتے ہیں، ہم تیری اچھی تعریف کرتے ہیں، تیرا شکر" ادا کرتے ہیں اور تیری ناشکری نہیں کرتے، اور جو تیری نافرمانی کرے اس سے مکمل طور پر علیحدگی اختیار کرتے ہیں۔ اے اللہ! ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں، اور تیرے لیے ہی نماز پڑھتے، تجھے ہی سجدہ کرتے ہیں۔ تیری ہی طرف دوڑتے اور حاضری دیتے ہیں، ہم تیری رحمت کے امیدوار ہیں اور تیرے عذاب سے "ڈرتے ہیں۔ بے شک تیرا عذاب کافروں کو ہی پہنچنے والا ہے۔

نماز

نیت: دل میں ارادہ کرنے کو نیت کہتے ہیں۔ نماز سے پہلے نیت کرنا ضروری ہے۔

تکبیر تحریمہ: نماز تکبیر تحریمہ کے ساتھ شروع کی جاتی ہے۔ تکبیر تحریمہ سے مراد اَللّٰہُ اَکْبَرُ ہے۔ اللہ اکبر کہہ کر دونوں ہاتھوں کو کانوں تک بلند کریں اور ہاتھ باندھ لیں۔

ثنا سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ وَتَبَارَکَ اسْمُکَ وَتَعَالٰی جَدُّکَ وَلَا اِلٰہَ غَیْرُکَ

اے اللہ! ہم تیری پاکی بیان کرتے ہیں، تیری تعریف کرتے ہیں، تیرا نام بہت برکت والا ہے، تیری شان بہت بلند ہے اور تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔

تعوذ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ.

میں شیطان مردود سے اللہ کی پناہ مانگتا / مانگتی ہوں۔

تسمیہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ.

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے۔

سورۃ الفاتحہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ O الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ O مَالِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ O اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ O اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ O صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ O غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ O

سب تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جو تمام جہانوں کی پرورش فرمانے والا ہے o نہایت مہربان بہت رحم فرمانے والا ہے o روزِ جزا کا مالک ہے o (اے اللہ!) ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور ہم تجھ ہی سے مدد چاہتے ہیں o ہمیں سیدھا راستہ دکھا o ان لوگوں کا راستہ جن پر تو نے انعام فرمایا o ان لوگوں کا نہیں جن پر غضب کیا گیا ہے اور نہ (ہی) گمراہوں کا o

سورۃ الاخلاص قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ O اَللّٰہُ الصَّمَدُ O لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ O وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ O

آپ ﷺ کہہ دیجئے وہ اللہ ایک ہے۔ اللہ بے نیاز ہے نہ اُس کی کوئی اولاد ہے اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ ہی اس کا کوئی ہمسر ہے۔

سورہ اخلاص کے بعد تکبیر (اللہ اکبر) کہتے ہوئے جھک جائیں اور ہاتھ دونوں گھٹنوں پر رکھ دیں اور گھٹنوں کو دونوں ہاتھ کھول کر مضبوطی سے تھام لیں اور تسبیحات پڑھیں۔



رکوع سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيمِ.

پاک ہے میرا پروردگار عظمت والا۔

رکوع کی تسبیحات تین مرتبہ پڑھنے کے بعد سیدھے کھڑے ہو جائیں اور یہ پڑھیں۔



قومہ سَمِعَ اللهُ لِمَنْ حَمِدَهُ.

اللہ تعالیٰ نے اس بندے کی بات سن لی جس نے اس کی تعریف کی۔

رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ.

اے ہمارے پروردگار! تمام تعریفیں تیرے لیے ہیں۔

اب تکبیر (اللہ اکبر) کہتے ہوئے سجدے میں چلے جائیں ... تم ... د کہ ... کہ تسبیحات ... دھیں

-



سجدہ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْأَعْلَى.

پاک ہے میرا پروردگار جو بلند تر ہے۔



- **جلسہ**

سجدے کی تسبیحات پڑھ کر بیٹھ جائیں اور دوبارہ سجدے میں جائیں۔ دو سجدوں کے درمیان بیٹھنے کو جلسہ کہتے ہیں۔

تشہد

التَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوٰتُ وَالطَّيِّبَاتُ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهُ، اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلَى عِبَادِ اللهِ الصَّالِحِيْنَ. أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ.

تمام قولی، فعلی اور مالی عبادتیں اللہ ہی کے لیے ہیں، اے نبی! آپ پر سلام ہو اور اللہ کی رحمت اور برکتیں ہوں، ہم پر اور اللہ کے تمام نیک بندوں پر بھی سلام ہو، میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔

درود ابراہیمی

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ.

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ.

اے اللہ! رحمتیں نازل فرما حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور ان کی آل پر، جس طرح تو نے رحمتیں نازل کیں حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور ان کی آل پر، بے شک تو تعریف کا مستحق بڑی بزرگی والا ہے۔

اے اللہ! تو برکتیں نازل فرما حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور ان کی آل پر، جس طرح تو نے برکتیں نازل فرمائیں حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور ان کی آل پر، بے شک تو تعریف کا مستحق بڑی بزرگی والا ہے۔

درود شریف کے بعد یہ دعا پڑھیں:

دعاے ماثورہ رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوۃِ وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ۝ رَبَّنَا اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ۝

"اے میرے رب! مجھے اور میری اولاد کو نماز قائم رکھنے والا بنا دے، اے ہمارے رب! اور تو میری دعا قبول فرمالے۔ اے ہمارے رب! مجھے بخش دے اور میرے والدین کو (بخش دے) اور دیگر سب مومنوں کو بھی، جس دن حساب قائم ہو گا۔

- **سلام** تشہد، درود اور دعا پڑھنے کے بعد پہلے دائیں طرف چہرے کو پھیریں اور ساتھ پڑھیں (اسلام علیکم ورحمۃ اللہ) پھر بائیں طرف چہرے کو پھیریں اور پڑھیں اسلام علیکم و رحمۃ اللہ۔ اس عمل کو سلام کہتے ہیں۔ سلام، نماز سے نکلنے کا طریقہ ہے۔

2. اسمائے حسنیٰ

'اللہ' کے علاوہ **اللہ تعالیٰ** کے ننانوے **صفاتی نام** مشہور ہیں۔ انہیں اسمائے حسنیٰ کہا جاتا ہے۔ هو الله الذی لا اله الا هو

الرحمن بڑی رحمت والا	**الرحیم** نہایت مہربان	**الملك** حقیقی بادشاہ	**القدوس** نہایت مقدس اور پاک	**السلام** سلامتی والا	**المؤمن** امن وامان عطا کرنے والا
المهیمن پوری نگہبانی کرنے والا	**العزیز** غلبہ اور عزت والا	**الجبار** صاحب جبروت، ساری مخلوق اس کے زیر تصرف ہے	**المتکبر** کبریائی اور بڑائی اس کا حق ہے	**الخالق** پیدا فرمانے والا	**البارئ** ٹھیک بنانے والا
المصور صورت گری کرنے والا	**الغفار** گناہوں کا بہت زیادہ بخشنے والا	**القهار** سب پر پوری طرح غالب	**الوهاب** بغیر کسی منفعت کے خوب عطا کرنے والا	**الرزاق** سب کو روزی دینے والا	**الفتاح** سب کے لیے رحمت ورزق کے دروازے کھولنے والا
العلیم سب کچھ جاننے والا	**القابض** تنگی کرنے والا	**الباسط** فراخی کرنے والا	**الخافض** پست کرنے والا	**الرافع** بلند کرنے والا	**المعز** عزت دینے والا
المذل ذلت دینے والا	**السمیع** سب کچھ سننے والا	**البصیر** سب کچھ دیکھنے والا	**الحکم** حاکم حقیقی	**العدل** سراپا عدل وانصاف	**اللطیف** لطافت اور لطف وکرم جس کی ذاتی صفت ہے
الخبیر ہر بات سے باخبر	**الحلیم** نہایت بردبار	**العظیم** بڑی عظمت والا، سب سے بزرگ و برتر	**الغفور** بہت بخشنے والا	**الشکور** بہتر سے بہتر جزا دینے والا	**العلی** سب سے بالا
الکبیر سب سے بڑا	**الحفیظ** سب کا نگہبان	**المقیت** سب کو سامان حیات فراہم کرنے والا	**الحسیب** سب کے لیے کفایت کرنے والا	**الجلیل** عظیم القدر	**الکریم** صاحب کرم

الرقیب نگہبان اور محافظ	**المجیب** قبول کرنے والا	**الواسع** وسعت رکھنے والا	**الحکیم** سب کام حکمت سے کرنے والا	**الودود** اپنے بندوں کو چاہنے والا	**المجید** بزرگی والا
الباعث موت کے بعد مردوں کو زندہ کرنے والا	**الشهید** حاضر، جو سب کچھ دیکھتا اور جانتا ہے	**الحق** جس کی ذات وجود اصلاحق ہے	**الوکیل** کارساز حقیقی	**القوی** صاحب قوت	**المتین** بہت مضبوط
الولی سرپرست و مددگار	**الحمید** مستحق حمد و ستائش	**المحصی** سب مخلوقات کے بارے میں پوری معلومات رکھنے والا	**المبدی** پہلا وجود بخشنے والا	**المعید** دوبارہ زندگی دینے والا	**المحیی** زندگی بخشنے والا
الممیت موت دینے والا	**الحی** زندہ و جاوید، زندگی جس کی ذاتی صفت ہے	**القیوم** خود قائم رہنے والا	**الواجد** سب کچھ اپنے پاس رکھنے والا	**الماجد** بزرگی اور عظمت والا	**الواحد** ایک اپنی ذات میں
الاحد اپنی صفات میں یکتا	**الصمد** سب سے بے نیاز اور سب اس کے محتاج	**القادر** قدرت والا	**المقتدر** سب پر کامل اقتدار رکھنے والا	**المقدم** جسے چاہے آگے کر دینے والا	**المؤخر** جسے چاہے پیچھے کر دینے والا
الأول سب سے پہلے وجود رکھنے والا	**الأخر** سب کے بعد وجود رکھنے والا	**الظاهر** بالکل آشکار	**الباطن** بالکل مخفی	**الوالی** مالک و کارساز	**المتعالی** بہت بلند و بالا
البر بڑا محسن	**التواب** توبہ کی توفیق دینے والا، توبہ قبول کرنے والا	**المنتقم** مجرمین کو کیفر کردار کو پہنچانے والا	**العفو** بہت معافی دینے والا	**الرؤوف** بہت مہربان	**مالك الملك** سارے جہاں کا مالک
ذو الجلال و الإكرام صاحب جلال اور بہت کرم فرمانے والا	**المقسط** حقدار کو حق عطا کرنے والا	**الجامع** ساری مخلوقات کو قیامت کے دن یکجا کرنے والا	**الغنی** خود بے نیاز جس کو کسی سے کوئی حاجت نہیں	**المغنی** اپنی عطا کے ذریعے بندوں کو بے نیاز کرنے والا	**المانع** روک دینے والا
الضار اپنی حکمت اور مشیت کے تحت ضرر پہنچانے والا	**النافع** نفع پہنچانے والا	**النور** سراپا نور	**الهادي** ہدایت دینے والا	**البديع** بغیر مثال سابق کے مخلوق کا پیدا کرنے والا	**الباقی** ہمیشہ رہنے والا، جسے کبھی فنا نہیں
الوارث سب کے فنا ہونے کے بعد باقی رہنے والا	**الرشید** صاحب رشد و حکمت جس کا ہر فعل درست ہے	**الصبور** بڑا صابر کہ بندوں کی بڑی سے بڑی نافرمانیاں دیکھتا ہے اور فوراً عذاب بھیج کر تہس نہس نہیں کرتا			

3. پیارے نبی خاتم النبیین حضرت محمد ﷺ کے پیارے اذکار (مسنون اذکار)

1	بلندی پر چڑھتے ہوئے کہیں	اللہ اکبر اللہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے
2	بلندی سے اترتے ہوئے کہیں	سُبْحَانَ اللہ اللہ تعالیٰ پاک ہے
3	جب کوئی چیز اچھی لگے تو کہیے	مَاشَاءَاللہ جو اللہ چاہتا ہے وہی ہوتا ہے
4	جب کوئی کام کرنے کا ارادہ کریں تو کہیں	اِنْ شَاءَاللہ اگر اللہ نے چاہا

5	کسی کے مرنے کی خبر یا کوئی تکلیف پہنچے، یا کوئی چیز گم ہو جائے تو کہیں	اِنَّاللّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن ہم سب اللہ ہی کے ہیں اور ہم کو اللہ ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔
6	کوئی کچھ دے یا اچھا سلوک کرے تو کہیں	جَزَاکَ اللّٰہُ خَیْرًا اللہ آپ کو بہترین بدلہ عطا فرمائے
7	چھینک آنے پر کہیں	اَلْحَمْدُ لِلّٰہ تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں۔
8	جب کسی دوسرے کو چھینک آئے تو کہیں	یَرْحَمُکَ اللّٰہ اللہ تعالیٰ تجھ پر رحم فرمائے۔

4۔ پیارے نبی خاتم النبیین حضرت محمد ﷺ کی پیاری دعائیں (مسنون دعائیں)

1	ہر اچھا کام شروع کرنے کی دعا	بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم فرمانے والا ہے
2	کھانے سے پہلے کی دعا	بِسْمِ اللّٰہِ وَعَلٰی بَرَکَۃِ اللّٰہ اللہ تعالیٰ کے نام سے (کھاتا ہوں) اور اللہ تعالیٰ کی برکت پر
3	کھانے کے شروع میں دعا بھول جائیں تو یہ دعا پڑھیں	بِسْمِ اللّٰہِ اَوَّلَہٗ وَ اٰخِرَہٗ میں نے اس کے اول اور آخر میں اللہ تعالیٰ کا نام لیا
4	کھانے کے بعد کی دعا	اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْن اللہ تعالیٰ کا شکر ہے جس نے ہمیں کھلایا اور پلایا اور ہمیں مسلمان بنایا
5	پانی پینے کی دعا	بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم فرمانے والا ہے
6	پانی پینے کے بعد کی دعا	اَلْحَمْدُ لِلّٰہ تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں۔
7	دودھ پینے کی دعا	بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم فرمانے والا ہے
8	دودھ پینے کے بعد کی دعا	اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْہِ وَزِدْنَا مِنْہُ یا اللہ ہمارے لیے اس میں برکت دے اور ہمیں اس سے زیادہ عنایت فرما
9	سوتے وقت کی دعا	اَللّٰھُمَّ بِاسْمِکَ اَمُوْتُ وَاَحْیٰی اے اللہ تعالیٰ میں تیرے نام پر مرتا ہوں اور جیتا ہوں
10	سو کر اٹھنے کے بعد کی دعا	اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَحْیَانَا بَعْدَمَا اَمَاتَنَا وَاِلَیْہِ النُّشُوْرُ تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے جس نے ہمیں موت (نیند) کے بعد حیات (بیداری) عطا فرمائی اور ہمیں اسی کی طرف لوٹنا ہے
11	گھر (سکول) سے نکلنے کی دعا	بِاسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہ میں اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ نکلا۔ میں نے اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کیا۔ طاقت و قوت اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے ہے
12	گھر (سکول) میں داخل ہونے کی دعا	اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ خَیْرَ الْمَوْلِجِ وَخَیْرَ الْمَخْرَجِ بِسْمِ اللّٰہِ وَلَجْنَا وَبِسْمِ اللّٰہِ خَرَجْنَا وَعَلَی اللّٰہِ رَبِّنَا تَوَکَّلْنَا اے اللہ تعالیٰ میں تجھ سے اندر آنے اور باہر جانے کی بہتری طلب کرتا ہوں اللہ تعالیٰ کے نام سے ہم داخل ہوئے اور اللہ تعالیٰ کا نام لے کر ہم نکلے اور اللہ تعالیٰ پر جو ہمارا رب ہے بھروسہ کیا ہے
13	بیت الخلا میں داخل ہونے سے پہلے کی دعا (بیت الخلا میں جاتے وقت پہلے یہ دعا پڑھیں اور پھر بایاں پاؤں اندر رکھیں۔)	اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِث اے اللہ تعالیٰ میں ناپاک جنوں (نر و مادہ) سے تیری پناہ مانگتا ہوں
14	بیت الخلا سے نکلنے کے بعد کی دعا (بیت الخلا سے نکلتے وقت دایاں پاؤں باہر رکھیں اور نکلنے کے بعد یہ دعا پڑھیں)	غُفْرَانَکَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَذْھَبَ عَنِّی الْاَذٰی وَعَافَانِیْ تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے مجھ سے تکلیف دور کر دی اور مجھے عافیت بخشی
15	حفاظت کی دعا	بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَ لَا فِی السَّمَاءِ ، وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْم اللہ کے نام سے ابتداء کرتا ہوں جس کے نام کے ساتھ کوئی چیز زمین و آسمان میں نقصان نہیں پہنچا سکتی، اور وہ سننے والا اور جاننے والا ہے۔
16	والدین کے لیے دعا	رَبِّ ارْحَمْھُمَا کَمَا رَبَّیٰنِیْ صَغِیْرًا اے ہمارے رب ہمارے والدین پر رحم فرما جیسا کہ انھوں نے بچپن میں میری پرورش کی۔

17	مشکل وقت سے نجات کی دُعا	لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ اے اللہ! تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تُو پاک ہے، بے شک میں ہی قصوروا روں میں سے ہوں۔
18	غصہ آنے کے وقت کی دُعا	اَعُوْذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ میں شیطان مردود سے اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہتا ہوں۔
19	وضو سے پہلے کی دُعا	بِسْمِ اللّٰہِ وَالْحَمْدُلِلّٰہِ اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان نہایت رحمت والا ہے
20	وضو کے بعد کی دُعا	اَشْھَدُاَنْ لَّااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ وَاَشْھَدُاَنَّ مُحَمَّدًاعَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اس کے بندے اور رسول ہیں۔
21	مسجد میں داخل ہونے کی دُعا	بِاسْمِ اللّٰہِ وَالصَّلَا مُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ میں اللہ تعالیٰ کا نام لے کر داخل ہوتا ہوں اور اللہ کے رسول پر سلام ہو۔ اے اللہ میرے لئے تو اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔
22	مسجد سے نکلتے وقت کی دُعا	بِاسْمِ اللّٰہِ وَالصَّلَا مُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ میں اللہ تعالیٰ کا نام لے کر نکلتا ہوں اور اللہ کے رسول پر سلام ہو۔ اے اللہ تعالیٰ میں تجھ سے تیرے فضل کا سوال کرتا ہوں۔
23	قرآن پڑھتے وقت کی دُعا	اَعُوْذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ میں پناہ مانگتا ہوں اللہ تعالیٰ کی شیطان مردود سے
24	سواری پر سوار ہونے کی دُعا	سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا ھٰذَا، وَمَا کُنَّا لَہٗ مُقْرِنِیْنَ، وَاِنَّا اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ پاک ہے وہ ذات جس نے اس سواری کو ہمارے لیے مسخر کر دیا (اسے ہمارے قبضے میں دے دیا) اور ہم (اس کی قدرت کے بغیر) اس کو قابو میں لانے والے نہ تھے، اور بلاشبہ ہم کو اپنے رب کی طرف ضرور لوٹنا ہے
25	آئینہ دیکھتے وقت کی دُعا	اَللّٰھُمَّ اَنْتَ حَسَّنْتَ خَلْقِیْ فَحَسِّنْ خُلُقِیْ اللہ تعالیٰ جیسے تو نے میری صورت اچھی بنائی میرے اخلاق بھی اچھے کر دے۔
26	جہنم سے نجات کی دُعا (فجر اور مغرب کی نماز کے بعد کسی سے بات کرنے سے پہلے سات بار یہ دعا پڑھے۔)	اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ اے اللہ مجھ کو دوزخ سے محفوظ رکھیو
27	حصول علم میں مددگار دعائیں	رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ہ وَ یَسِّرْ لِیْ اَمْرِیْ ہ وَا حْلُلْ عُقْدَۃً مِّنْ لِّسَانِیْ ہ یَفْقَھُوْ قَوْلِیْ اے میرے رب! میرا سینہ کھول دے اور میرا کام آسان کر دے اور میری زبان کی گرہ کھول دے تاکہ وہ میری بات سمجھ سکیں۔ رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا اے میرے رب! میرے علم میں اضافہ فرما۔ اَللّٰھُمَّ فَقِّھْنِیْ فِی الدِّیْنِ۔ اے اللہ! مجھے دین کی سمجھ عطا فرما۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ عِلْمًا نَّافِعًا وَّرِزْقًا طَیِّبًا وَّ عَمَلًا مُّتَقَبَّلًا اے اللہ! میں تجھ سے نفع بخش علم، پاکیزہ رزق اور قبول ہونے والے عمل کا سوال کرتا ہوں۔

5. پیارے نبی خاتم النبیین حضرت محمد ﷺ کی پیاری باتیں (احادیث)

نمبر شمار	حدیث	ترجمہ
1	إِيَّاكُمْ وَالْحَسَدَ	"حسد سے بچو"
2	لَا تَغْضَبْ	"غصہ نہ کرو"
3	إِيَّاكُمْ وَالْكَذِبَ	"جھوٹ سے بچو"

4	عَلَيْكُمْ بِالسِّوَاكِ	"مسواک کی پابندی کرو"
5	عَلَيْكُمْ بِالصِّدْقِ	"ہمیشہ سچ بات کہو"
6	السَّلَامُ قَبْلَ الْكَلَامِ	"بات کرنے سے پہلے سلام کرو"
7	لَا تَعْصِ وَالِدَيْكَ	"ماں باپ کی نافرمانی نہ کرو"
8	الطُّهُوْرُ شَطْرُ الْاِيْمَانِ	"پاکی آدھا ایمان ہے"
9	اَلْبِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ	"نیکی اچھے اخلاق کا نام ہے"
10	اَلصَّلَاةُ عِمَادُ الدِّيْنِ	"نماز دین کا ستون ہے"
11	اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ	"بیشک اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے۔"
12	كُلُّ مَعْرُوْفٍ صَدَقَةٌ	"ہر نیکی صدقہ ہے"
13	طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيْضَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ	"علم کا حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے"
14	لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَتَّاتٌ	"چغل خور جنت میں داخل نہیں ہوگا"
15	لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعٌ	"رشتہ توڑنے والا جنت میں داخل نہیں ہوگا"
16	اِتَّقِ اللّٰهَ حَيْثُ مَا كُنْتَ	تم جہاں کہیں ہو اللہ سے ڈرو۔
17	اَلْعَيْنُ حَقٌّ	"نظر بد حق ہے۔"
18	اَلدُّعَاءُ مُخُّ الْعِبَادَةِ	"دعا عبادت کا مغز ہے"
19	اَلْمُسْلِمُ اَخُو الْمُسْلِمِ	"مسلمان، مسلمان کا بھائی ہے"
20	اَلصَّلٰوةُ نُوْرُ الْمُؤْمِنِ	"نماز مومن کا نور ہے"
21	مَنْ صَمَتَ نَجَا	"جس نے خاموشی اختیار کی اس نے نجات پائی۔"
22	اَلْحَيَاءُ مِنَ الْاِيْمَانِ	"حیا، ایمان کا حصہ ہے۔"
23	اِنَّ الدِّيْنَ يُسْرٌ	"بیشک دین آسان ہے۔"
24	اَلدِّيْنُ النَّصِيْحَةُ	"دین خیر خواہی کا نام ہے"
25	تُحْفَةُ الْمُؤْمِنِ الْمَوْتُ	"موت مومن کا تحفہ ہے۔"
26	لَعَنَ اللّٰهُ السَّارِقَ	"اللہ تعالیٰ نے چور پر لعنت کی ہے"
27	اَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ لَا نَبِيَّ بَعْدِيْ	**"میں آخری نبی ہوں، میرے بعد کوئی نبی (پیدا) نہیں ہوگا"۔**
28	لَا تُقْبَلُ صَلٰوةٌ بِغَيْرِ طُهُوْرٍ	"کوئی نماز پاکی کے بغیر قبول نہیں کی جاتی۔"
29	لَا تَحْقِرَنَّ شَيْئًا مِّنَ الْمَعْرُوْفِ	"کسی بھی نیکی کو حقیر نہ سمجھو۔"
30	خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَ عَلَّمَهٗ	"تم میں بہترین وہ شخص ہے جس نے قرآن سیکھا اور اسکو سکھایا۔"